مہنور شہزاد
دارم ❤️ میرال
ضدی عشق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ناول : ضدی عشق

از قلم : ماہ نور شہزاد

وہ شخص اس وقت جم میں موجود ورزش کرنے میں مصروف تھا سلیولیس شرٹ پہنے ٹانگوں پر شارٹس پہنے وہ ورزش کر رہا تھا چہرہ پسینے سے بھرا ہوا قد آور خوبصورت پر سنیلٹی کا مالک سفید رنگت بڑی بڑی آنکھیں مغرور ناک بڑھی ہوئی بئیرڈ سیاہ بال جو اس وقت بکھر کر چہرے پر تھے وہ دیکھنے میں بہت زیادہ خوبصورت اور غضب کی پر سنیلٹی کا مالک تھا اوپر سے چہرے پر سنجیدگی خوب جچتی تھی اور کشش بھی بہت تھی ایسی تو نہیں لوگ دیوانے تھے وہ مشین سے ہٹا اور ٹاول سے منہ صاف کر کے وہ ڈمبل اٹھا کر دوبارہ سے ورزش کر رہا تھا کچھ دیر وہ یوں ہی ورزش کر کے فارغ ہوا اور اپنا چہرہ صاف کر کے وہ آنکھوں پر گاگلز اور سر پر ٹوپی ڈالے مغرور چال چلتا وہ باہر کی طرف بڑھا ڈرائیور نے گاڑی کا دروازہ کھلا وہ گاڑی میں بیٹھا ڈرائیور نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی اور گاڑی سڑک پر دوہرا دی۔۔۔۔۔

کمرے میں اندھیرا ہلکی ہلکی زیرو بلب کی روشنی بیڈ پر سوئی اس معصوم کے چہرے پر پر رہی تھی جو دنیا سے بے خبر سو رہی تھی روشنی اسکے چہرے پر پڑ رہی تھا جس سے اسکا چہرہ مزید نکھر رہا تھا۔۔۔

نن۔۔ نہیں پلیز۔۔۔ چھوڑ دو۔۔۔ نہیں "۔۔۔۔!!!!!چہرے پر اچانک خوفزدہ تاثرات لیے وہ" نیند میں ڈرتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔

ننہیں۔۔۔ پلیززز مت کرو جانے۔۔۔۔۔۔ نہیسسسس "۔۔۔۔!!!!!وہ یوں ہی ڈرتے ہوئے" بولتے ساتھ ایکدم اٹھ کر چیخنے لگی اور چہرے پر ہاتھ رکھ اسے رگڑنے لگی چہرے پر خوف کے تاثرات صاف واضح تھے۔۔۔۔

میں ن۔۔ نے کچھ نہ۔۔۔ نہیں کیا"۔۔۔۔!!!!!وہ ڈرتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔۔۔"

میرا ل میری بچی کیا ہوا"۔۔۔۔!!!!!صدف بیگم اسکی چیخ کی آواز سن کر اسکے کمرے کی طرف بڑھی" اور اس سے پوچھنے لگی۔۔۔۔۔

مم۔مام۔۔۔۔۔وہ انہیں رک رک کر پکارتے ساتھ انکی سینے سے لگ کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی"
صدف بیگم اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

کچھ نہیں ہوا میرا ل ایک خواب تھا ڈراؤنا خواب کچھ بھی نہیں"۔۔۔۔!!!!!!وہ اسے پیار سے کہنے لگی"
اسکے آنسو صاف کیے اسے پانی پلانے اسے خاموش کروانے لگی جس پر وہ کچھ حد تک سنبھل
گئی۔۔۔۔

لیٹ جاؤ میں یہی ہوں"۔۔!!!!!وہ اسے پیار سے لٹاتے ہوئے کہنے لگی جس پر وہ خاموشی سے لیٹ"
گئی اور وہ اسکے سر پر ہاتھ رکھے محبت سے پھیرنے لگی وہ آنکھیں بند کیے انکا ہاتھ تھامے لیٹی رہی اور
وہ اداس نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

کچھ ہی دیر میں اسکی آنکھ لگ گئی وہ اسکے چہرے پر لب رکھ کر بلینکٹ ٹھیک کر کے کمرے سے چلی
گئی۔۔۔۔۔

وہ سب ناشتے کی میز پر موجود تھے سب ناشتہ کر رہے تھے وہ کرسی پر بیٹھی پلیٹ پر بریڈ کو دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔

میرا ل ناشتہ کیوں نہیں کر رہی ہو بیٹا ناشتہ کرو طبیعت ٹھیک ہے آپ کی"۔۔۔!!!!ریحان مرزا پیار سے مخاطب ہوئے۔۔۔

۔جج۔۔جی"۔۔۔!!!!وہ گھبراتے ہوئے جواب دینے لگی۔۔۔۔"

ناشتہ کرو پھر"۔۔۔!!!!وہ اسے پھر سے کہنے لگے۔۔۔۔"

تائیا ابو دل نہیں ہے"۔۔۔!!!!!وہ دھیمی آواز میں بتانے لگی۔۔۔۔"

کیوں دل نہیں ہے"۔۔؟؟؟؟ وہ پوچھنے لگے۔۔۔۔۔۔"

رات کو دارم کو دیکھ لیا ہو گا"۔۔۔!!!!جاذب نے بیچ میں مداخلت کی اسکی بات پر ناچاہتے ہوئے بھی میرال کے چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ آ گئی اور سب ہنسنے لگے۔۔۔۔۔۔

چلو سب ناشتہ کرو"۔۔۔!!!!ریحان مرزا کے کہنے پر سب ناشتہ کرنے لگ گئی۔۔۔۔۔۔"

گھڑی اس وقت ایک بجا رہی تھی تبھی گراج میں بلیک مرسیڈیز آ کر رکی ڈرائیور گاڑی سے اترا اور پیچھے کا دروازہ کھولا وہ شخص بلیک پینٹ کورٹ میں ملبوس بالوں کو اچھے سے سیٹ کیے ہاتھ پر گھڑی پہنے وہ گاڑی سے اتر کر جیب میں ہاتھ ڈال کر مغرور چال چلتا گراج پار کر کے اندر کی جانب بڑھ گیا۔۔۔۔۔

وہ جانتا تھا اس وقت سب لوگ سو رہے ہوں گے مگر اس وقت وہ ایک چہرے کو دیکھنے کیلیے حد سے زیادہ بے چین تھا روم میں آیا اور فریش ہوا خاموشی سے اپنے کمرے سے نکل کر ساتھ والے کمرے کی طرف بڑھا روم کی چابی اس نے اپنے پاس رکھی ہوئی تھی۔۔۔۔۔

وہ کمرے میں داخل ہوا نظر سامنے بیڈ پر سوئی اس معصوم خوبصورت چہرے کی طرف پڑے اسے دیکھتے ہی سامنے کھڑے شخص کو خود میں ایک سکون سا اترتا ہوا محسوس ہونے لگا سفید رنگت پتلی تیکھی سی ناک گلابی لب گلابی رخسار وہ دیکھنے میں بلکل کسی معصوم گڑیا کی طرح تھی وہ اسکی طرف بڑھا اور گھٹنوں کے بل بیٹھ کر اسے دیکھنے لگا چہرے پر آئی شرارتی لٹھے اسکی نیند پر خلل پیدا کر رہی تھی سامنے بیٹھے شخص نے اپنے ہاتھوں کی انگلیوں سے وہ بال کان کے پیچھے کیے اور اسے دیکھنے لگا اس نے آگے بڑھ کر اسکے ماتھے پر لب رکھے اپنے چہرے پر کسی چیز کا لمس محسوس کر کے وہ معصوم سہمی ہوئی ایک جھٹکے سے اٹھ گئی سامنے بیٹھا شخص اسکے اس طرح سے اٹھنا پر تھوڑا حیرت انگیز ہوا اور میرال سامنے بیٹھے شخص کو دیکھ کر خوف کے تاثرات پر سجائے پیچھے ہونے لگی۔۔۔۔۔

مسز ڈرو نہیں میں ہوں "۔۔۔۔!!!!!!اسکی آواز جیسے ہی میرال کے کانوں سے ٹکرائی اسکا ڈر تھوڑا" کم ہوا سیاہ سنجیدہ آنکھیں براؤن خوفزدہ آنکھوں سے ٹکرائی۔۔۔۔۔

آ۔۔آپ۔۔۔۔یہا۔۔یہاں کیا"۔۔۔؟؟؟؟؟وہ ہچکچاتے اور ڈرتے ہوئے ہوئے" بولی۔۔۔۔۔۔

تم نہیں جانتی میں یہاں کیا کرنے آیا ہوں اپنے عشق کو دیکھنے اپنی ہنی کو دیکھنے میں جس وجہ سے " ہوں اسے دیکھنے "۔۔۔۔!!!!!!وہ گھمبیر لہجے میں اپنی آنکھیں اس پر جمائے انتہائے شدت سے بولا میرال کی ہارٹ بیٹ مس ہوئی اسکو گھبراہٹ سی ہونے لگی وہ پیچھے دیوار سے چپک کر اسے خوف بھری نظروں سے دیکھنے لگی اور ہلکی سی روشنی میں اس معصوم کا چہرہ دمک رہا تھا جو سامنے بیٹھے شخص کا صبر آزما رہا تھا اور اس میں آتے خوشبو آتی خاموش میرال کی ناک سے ٹکرا رہی تھی جو اسے بے بس بنا رہی تھی۔۔۔۔۔۔

تم بہت زیادہ صبر آزماتی ہو مسز دارم مرزا او کے میں چلتا ہوں "۔۔۔۔!!!!!وہ اسے شوخیہ لہجے میں" کہنے کے بعد خوفزدہ دیکھ کر چلا گیا وہ اسے جاتا دیکھ کر فوراً اٹھی دروازہ لاک کر لیا اور دروازے کیساتھ ٹیک لگائے وہ زمین پر بیٹھ کر زاروقطار رونے لگ گئی۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ سب اس وقت ناشتے کی میز پر موجود تھے آج وہ بھی ان سب میں شامل تھا اس لیے ڈائننگ ٹیبل پر خاموشی چھائی ہوئی تھی وہ ڈائننگ پر صرف ایک ہی کیلیے آتا تھا اسے دیکھے بغیر دارم مرزا کا دن گزرنا ناممکن تھا وہ سامنے خاموش ڈری بیٹھی تھی اسکے آنے سے پہلے وہ ناشتہ کر چکی تھی کیونکہ جب اسکی نظریں محسوس کرتی تھی تو اسے کچھ بھی نہیں ہوسکتا وہ ابھی بھی بہت ڈری اور گھبرائی بیٹھی تھی اگر وہ نہ آئے تو دارم سمیت اسکے تائیا ڈیڈ سب ناراض ہوجاتے ہیں۔۔۔۔۔

میٹنگ کیسی رہی دارم "۔۔۔؟؟؟؟؟ ریحان مرزا نے بات کا آغاز کیا۔۔۔۔"

"ٹھیک رہی۔۔۔۔!!!!!!وہ نظریں سامنے اس ننھی سی جان پر ڈالے جواب دینے لگا جس پر وہ سر اثبات میں سر ہلا گئی اور میرال نظریں جھکائے بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔

"بچی کی جان لیں گے کیا"۔۔۔؟؟؟ جاذب دارم کے قریب ہو کر پوچھنے لگا دارم نے اسے گھورا۔۔۔۔۔

"سوری میں تو بس ایسے ہی"۔۔۔!!!!!اسکی گھوری سے وہ لائن ہر آیا اور دارم اٹھ کر آفس کیلیے نکل گیا۔۔۔۔۔

وہ کمرے کی بیلکونی میں کھڑی آنکھوں میں آنسو لیے تکلیف چہرے پر صاف واضح تھی۔۔۔۔

تم صرف میری بنوگی تمہیں چھونے کا حق صرف میں رکھوں گا تمہیں اپنا بنانے کیلیے دارم مرزا نے "
کتنی دعائیں کی ہے تمہیں معلوم بھی نہیں ہے "۔۔۔۔!!!!!دارم کی باتیں میرال کے کانوں میں گونج
رہی تھی اسکے رونے میں مزید اضافہ ہوگیا اور وہ کمرے میں آکر منہ بلینکٹ میں دیکھ کر پھوٹ پھوٹ کر
رونے لگی۔۔۔۔۔۔

میرال باجی آپ بھلا کیوں نہیں دیتی وہ سب ایک خوفناک خواب سمجھ کر "۔۔۔!!!!!مروہ اسے کہنے"
لگی۔۔۔۔۔

تمہیں جب کچھ پتہ نہیں مت بولو کام کرو "۔۔۔!!!!!!وہ چیخ کر بولی جس پر مروہ خاموش ہوگئی۔۔۔۔۔"

وہ رات کے وقت کمرے سے باہر نکلی وہ نیچے کی طرف بڑھنے لگی تھی تبھی وہ سامنے سے اپنی مغرور
چال چلتا جیب میں ہاتھ ڈالے اس طرف بڑھ رہا تھا دارم نے اسکا راستہ روکا سامنے کھڑے شخص کو
دیکھ کر میرال کی سانس رک سی گئی وہ دو قدم پیچھے کی طرف ہوگئی۔۔۔۔

کہاں"۔۔؟؟؟ وہ اسے دیکھتے ہوئے سوال کرنے لگا۔۔۔۔"

چ۔چا۔۔چائے بنانے"۔۔۔!!!!!!کانپتے ہوئے اسے دیکھے بغیر جواب دینے لگی۔۔۔۔"

ایک کپ میرے روم میں بھی لے آنا"۔۔۔!!!!!وہ اسے کہتے ساتھ کمرے کی طرف بڑھنے لگا"
میرال نے اثبات میں سر ہلا دیا اور اسکے جاتے ہی سانس بحال کی اور نیچے کی طرف بڑھ
گئی۔۔۔۔۔۔

میرال نے کچن میں کھڑے ہو کر چائے بنائی۔۔۔۔

مجھے نہیں کرنا سامنا مجھے پتہ ہے لازمی کچھ کریں گے"۔۔۔!!!!!!وہ ڈرتے ہوئے دل میں سوچتے,"
ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔۔

_____

وہ ڈش میں چائے رکھے چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی کمرے کی طرف بڑھنے لگی اس نے کمرے میں قدم رکھا اور اسکے بیڈ کی طرف بڑھی جہاں وہ بیٹھا لیپ ٹاپ استعمال کر رہا تھا وہ سائیڈ ٹیبل پر چائے کا کپ رکھ کر کہنے لگی تبھی دارم نے اسکا ہاتھ پکڑ کر اپنی طرف کھینچا میرال ان بیلنس ہو کر اس پر گری دارم نے اسکی کمر کے گرد حصار بنایا میرال کی اوپر کی سانس اوپر اور نیچے کی سانس نیچے رہ گئی وہ اس نے ڈر سے آنکھیں بند کر لی پورا جسم اسکا کانپ رہا تھا۔۔۔۔۔

اتنی پیاری کیوں ہو"۔۔؟؟؟؟؟؟ وہ اسے نظروں کے حصار میں لیے گھمبیر لہجے میں اسکی طرف" دیکھتے ہوئے کہنے لگا میرال آنکھیں زور سے بند کر گئی اسکی سانسیں اپنے چہرے پر محسوس کر کے اسکی حالت اور بگڑ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

جواب دو"۔۔۔!!!!!!دارم چہرے پر سخت تاثرات سجائے غصے سے بولا میرال ہڑبڑا کر رہ" گئی۔۔۔۔۔

پ۔۔پتہ۔۔۔ نہیں"۔۔۔۔!!!!!!وہ کانپتے ڈرتے ہوئے رک رک کر جواب دینے لگی اس میں" سے آتے خوشبو سامنے بیٹھے شخص کو اپنا دیوانہ بنا رہی تھی۔۔۔۔۔

بہت جلد تم دارم کے پاس آجاؤں گی ہمیشہ کیلیے"۔۔۔۔!!!!!!وہ اسکی کر پر گرفت مضبوط کر کے"
شدت سے کہنے لگا میرال کی جان پر بن گئی۔۔۔۔۔۔

مم۔ مجھ۔۔۔مجھے۔۔ فی۔۔ نیند۔۔۔۔ آرہی"۔۔۔ !!!!رک رک کر با مشکل جملہ مکمل کر سکی دارم"
نے گرفت ڈھیلی کی وہ ایک سکینڈ لگائے بغیر کمرے سے باہر بھاگ گئی اور دارم اسے جاتا دیکھنے
لگا۔۔۔۔۔

وہ باہر آئی اور دل پر ہاتھ رکھ بے ترتیب دھڑکنوں ترتیب میں لانے لگی اور ایک قرب سے میرال
نے آنکھیں بند کر لی۔۔۔۔۔

_____

وہ سب لوگ اس وقت ناشتے کر موجود تھے دارم بھی موجود تھا اور نظریں صرف ایک ہی چہرے پر مرکوز تھی جو نظریں ٹیبل پر جمائے خاموش بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔

اب میں چاہتا ہوں دارم اور میرال کی رخصتی ہوجانی چاہیے "۔۔۔!!!!!!ریحان مرزا کے کہنے پر سب" نے اس طرف دیکھا۔۔۔۔۔۔

تم کیا کہتے ہو انصر "۔۔۔!!!!!ریحان مرزا نے اپنے بھائی سے پوچھا جنہوں نے فوراً انکی طرف" دیکھا۔۔۔۔۔

جی بہت ٹھیک فیصلہ کیا آپ نے "۔۔۔۔!!!!!انصر مرزا کہنے لگے جس پر ریحان مرزا" مسکرائے۔۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

تو ٹھیک ہے اگلے ہفتے ان دونوں کی مہندی ہوگی "۔۔۔۔!!!!انہوں نے بتایا سب مسکرائے "
میرال اداسی سے اٹھ کر کمرے کی طرف بڑھ گئی دارم کے چہرے پر ایک الگ ہی مسکراہٹ چہرے پر الگ ہی چمک تھی جیسے اسکی بہت قیمتی چیز اسے مل رہی ہو۔۔۔۔۔۔

وہ بیلکونی میں کھڑی تھی آنکھوں میں نمی تھی اسکے ذہن میں صرف دارم کی باتیں گردش کر رہی تھی۔۔۔۔۔

بہت جلد تم دارم کے پاس آجاؤں گی ہمیشہ کیلیے "۔۔۔!!!!!!اسکے ذہن میں دارم کی بات""
آئی۔۔۔۔۔

وہ کمرے میں آئی شیشے کے سامنے کھڑے ہو کر خود کو سر تا پیر دیکھنے لگی۔۔۔۔

کیا میں اس قابل ہوں کیا میں دارم مرزا کی اتنی محبت جے قابل ہوں"۔۔۔۔!!!!!وہ خود سے سوال کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

نہیں بلکل نہیں"۔۔۔۔۔!!!!!وہ فوراً سے بولتے ساتھ بیڈ پر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔"

باجی آپ کو تائی امی اور امی نیچے بلا رہی ہیں"۔۔۔۔!!!!!!وہ اسے بتانے لگی جس پر نا چاہتے ہوئے بھی وہ اپنی آنسوؤں کو ضبط کرتی نیچے کی طرف بڑھی۔۔۔۔۔۔

_____

میرال کی خالہ کے بچے رمشہ اور وہاج بھی آیا ہوا تھا وہ سب لوگ بیٹھے کوئے تھے میرال کی صرف اور صرف وہاج سے بہت بنتی تھی مروہ رمشہ کی بیسٹ فرینڈ تھی لیکن جب نکاح ہوگیا تو دارم نے اسے سختی سے اسے دور رہنے کیلیے وارن کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

بلکل ایسا ہی ہے"۔۔۔۔!!!!!!میرال ہنس کر کہتے ساتھ وہاج کو تالی مارنے لگی۔۔۔۔۔"

تبھی دارم ٹی وی لاؤنج میں داخل ہوا اور یہ منظر وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ چکا تھا اسکی گردن کی رگیں پھولنے لگی دماغ پر سلوٹیں آئی اسکی بیوی کو کسی نے چھوا تھا یہ بات دارم مرزا کی برداشت سے باہر تھی وہ ابھی بھی ہلکا سا مسکرا وہاج سے بات کر رہی تھی اور وہ غصے سے ہوتی سرخ آنکھوں سے ان دونوں کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

کافیبیی"۔۔۔۔۔!!!!!!!دارم بہت زور سے چلایا تھا کہ سب ایکدم ڈر گئے تھے اور وہ کمرے کی" طرف بڑھ گیا میرال کی جان پر بن گئی تھی میرال کو لگا آج واقع کچھ ہوگا اسکے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔

زرین بیگم نے میڈ سے کافی دینے کا کہا تو وہ اثبات میں سر ہلا گئی۔۔۔۔۔۔

وہ کمرے میں کھڑا تھا غصہ کم ہونے کا نام نہیں لے رہا تھا اسکی آنکھوں کے سامنے میرال کا وہاج کو تالی مارنے والا منظر بار بار آرہا تھا اسکی آنکھوں میں اس وقت حد سے زیادہ غصہ تھا دارم نے ٹیبل

سے سگریٹ اٹھائی اور جلا کر منہ سے لگائی بیلکونی کی طرف بڑھا اور نظریں باہر مرکوز کیے اپنا دماغ ٹھنڈا کرنے کی ناکام سی کوشش کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔

"سگریٹ نہیں پسند مجھے مت پیے گا آئندہ"۔۔۔۔۔!!!!!!دارم کو میرال کی بات یاد آئی جو اس نے پچھلے دنوں کی تھی اس نے فوراً منہ سے سگریٹ نکال کر زمین پر پٹک دی۔۔۔۔

"نہیں پسند اسے جو چیز دارم کی ہنی کو نہیں پسند دارم اسکی غیر موجودگی میں بھی نہیں کرے گا
۔۔۔۔!!!!!دارم آنکھوں میں اسے تصور کیے محبت سے بولا اور کمرے کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔۔۔"

"اللہ تعالیٰ جی کیا کریں گے وہ مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے"۔۔۔!!!!!!وہ ڈرتے ہوئے کمرے میں چکر کاٹ کر خود سے ہی باتیں کرنے لگی۔۔۔۔

وہ یوں ہی آدھا گھنٹہ چکر کاٹتی رہی جب وہ نہیں آیا تو میرال کو تھوڑا سکون ملا اور وہ بیڈ کی طرف بڑھ گئی۔۔۔۔۔۔

وہ رات کو کمرے میں سونے ہی لگی تھی تبھی اچانک کمرے کا دروازہ کھلا اور بند ہوا آواز سن کر وہ اس طرف دیکھنے لگی اور وہ قدم بڑھاتا اندر آیا اور دروازہ لاک کر دیا سامنے بیٹھی وہ معصوم سی ننھی جان گھبرا کر رہ گئی رات کے وقت وہ اسکے کمرے میں کیا کر رہا تھا اسکی جان پر بن گئی وہ کانپنے لگ گئی۔۔۔۔۔۔۔

آآآپ"۔۔۔۔!!!!!!!۔۔ وہ بامشکل کانپتے ہوئے بولی کیونکہ اسکی آنکھوں میں انتہا کا غصہ تھا۔ وہ" اس کی طرف بڑھا وہ جو بیڈ پر بیٹھی تھی دل بہت تیز دھڑک رہا تھا ننھے ننھے پسینے ماتھے پر آرہے تھے بے حد ڈر رہی تھی۔۔۔۔

۔فری ہونے کی وجہ جان سکتا ہوں"۔۔۔!!!!!!!!۔ وہ اسکے قریب ہو کر اس پر جھک کر سرد نگاہیں" اس پر ڈالے سوال کرنے لگا میرال بیڈ کیساتھ لگ گئی۔۔ وہ بہت زیادہ ڈر رہی تھی اسکی آنکھوں سے وہ اسکی طرف دیکھ بھی نہیں سک رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

میں نے کچھ پوچھا ہے "۔۔۔!!!!!!!۔ وہ دھاڑتے ہوئے بولا اور وہ کانپ کر رہ گئی اسکا دل باہر "
آنے کو تھا اور وہ وہی بے سد ہو گئی آنکھوں سے آنسوں نکلنے لگے۔۔۔۔۔۔۔

ب۔۔س۔۔بس۔۔۔۔۔ ہنسی۔۔۔ تھی "۔۔۔۔!!!!!!۔ وہ رک رک کر ڈرے ہوئے انداز میں "
لفظ ادا کرنے لگی۔۔۔۔۔۔۔

صرف میرے سامنے صرف دارم مرزا کے سامنے تم ہنسو گی سمجھی میں نے کسی کو تمہیں چھونے کا "
حق نہیں دیا فرسٹ اینڈ لاسٹ وارن کر رہا ہوں یہ ہاتھ آج کے بعد کسی کے ہاتھ کو چھوا نا تو یہ ہاتھ بھی
کٹے گا اور وہ انسان جان سے جائے گا دماغ میں بٹھا لینا تم میرا پاگل پن ہو مس
میرال "۔۔۔۔۔!!!!!!!وہ اسکے چہرے پر ہاتھ پھیر تا گردن تک لے آیا ہر لفظ میں انتہا کی سختی تھی اور
سامنے بیٹھی وہ ننھی سی جان کو لگا تھا آج وہ ختم ہو جائے گی۔۔۔۔

سمجھی "۔۔۔۔!!!!!۔ وہ اسے دیکھتے ہوئے بولا۔۔۔۔"

ج۔۔۔۔جی"۔۔۔!!!!!!اس نے فوراًجواب دیااوردارم نے اسکے آنسوصاف کیے۔۔۔۔۔۔"

۔اگلی دفعہ کوئی حرکت نہ ہوکہ تمہیں یوں رونا پڑے دھیان رکھنا تمہیں جب منع کیا ہے پھر کیوں کہا"
نیکسٹ ٹائم بی کئیر فل ہنی ٹیک کئیر"۔۔۔۔۔!!!!!!!!۔وہ پیار سے کہتے ساتھ نکل گیااور میرال
رونے لگ گئی۔۔۔۔۔۔

گندے ہیں آپ بہت گندے بہت زیادہ"۔۔۔۔!!!!!!!وہ زاروقطار روتے ہوئے کہنے لگی"

۔۔۔۔۔۔۔

_____

وہ گہری نیند سورہی تھی کمرے میں بلکل اندھیرا تھا۔۔۔۔

"مجھے چھوڑ دو۔۔۔۔۔ پلیز زززچھ۔۔۔ چھوڑ دو۔۔۔ نہ کرو ایسا میں نے کیا بگاڑا ہے تمہارا۔۔ میرال" کے کانوں میں آواز گونجنے لگی وہ نیند میں ہلنے لگی اور ایکدم اٹھ بیٹھی اور چہرے پر ہاتھ پھیرنے لگے سائیڈ لیمپ آن کیا تو وہ اپنے کمرے میں ہی تھی میرال کو سکون سا محسوس ہوا وہ اٹھی اور کھڑکی دیکھنے لگی وہ بھی لاک تھی میرال نے جگ سے پانی گلاس میں ڈال کر پیا بیڈ کراؤن کیساتھ ٹیک لگائے وہ رونا شروع کر گئی۔۔۔۔

"کیوں اللہ تعالیٰ میرے ساتھ ہی کیوں"۔۔۔۔!!!!!وہ سسک کر خدا سے پوچھنے لگی اور زاروقطار رونے لگی۔۔۔۔۔

اور دوسری طرف وہ شخص جو کسی کے سامنے نہیں جھکتا تھا اپنے خدا کے سامنے جھکے نماز ادا کرنے میں مصروف تھا۔۔۔۔۔۔

میرے رب آپ جانتے ہیں میری دعا اسے پورا کردیں جانتا ہوں نکاح ہوگیا ہے مگر ہمر بھی جب" تک وہ میری نہیں ہوجائے گی مجھے سکون نہیں ملے گا۔۔"۔۔۔!!!!!!!دارم سلام پھیر کر دعا کیلیے ہاتھ اٹھائے خدا سے گفتگو کرنے لگا دعا مانگنے کے بعد اس نے جائے نماز لپیٹ کر جگہ پر رکھی اور بیڈ پر آگیا تہجد اسکی عادت تھی اسے پڑھے بغیر اس شخص کو نیند نہیں آتی تھی وہ جیسے ہی بیڈ پر آیا کچھ ہی دیر میں نیند کی وادیوں میں اتر گیا۔۔۔۔۔۔

میرال تائیا کی جان ادھر آؤ بیٹا"۔۔۔!!!!!!!!!ریحان مرزا کی نظر جب میرال پر گئی تو اسکی آنکھیں" سوجی ہوئی لگی انہوں نے اسے اپنے پاس بلایا وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھا کر انکی جانب بڑھی۔۔۔۔۔

کیا ہوا میری بیٹی کو"۔۔۔۔؟؟؟ وہ اسے پیار سے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔۔"

اگر دارم کو سچ پتہ لگ گیا تا ئیا وہ مجھ سے شادی نہیں کریں گے اس۔ لیے آپ یہ شادی روک دیں "
مت کروائیں "۔۔۔۔!!!!!وہ نظریں جھکائے بولی۔۔۔۔۔

ایک بات کہوں دارم مرزا تمہیں کبھی نہیں چھوڑو گا میرال تم بے فکر رہو اس بات سے اور پریشان "
ہونے کی بلکل ضرورت نہیں ہے نیچے جاؤ جہاں سب بیٹھے ہیں "۔۔۔!!!!!وہ اسے کہنے لگی میرال
انکی بات سن کر اثبا تمیں سر ہلا کر نیچے کی طرف بڑھ گئی۔۔۔۔۔۔

!!!!!!اب تو تم کنفرم والی میری بھابی بن گئی ہو تو ابھی سے عادت ڈال لوں بھابی کہنے کی "۔۔۔۔ "
جاذب اسے تنگ کرتے ہوئے کہنے لگا میرال نے اسے گھورا۔۔۔۔

اچھا او کے میرال بس خوش "۔۔۔!!!!!جاذب اسے کہنے لگا۔۔۔۔۔۔ "

بھابی کہو"۔۔۔!!!!!تبھی دارم جو آفس کیلیے نکل رہا تھا مغرور چال چلتا مختصر سا کہ کر آگے بڑھ"
گیا۔۔۔۔۔۔

اب تو حکم آگیا ہے"۔۔۔۔!!!!!!جاذب بتانے لگا وہ کچھ کیے بغیر اٹھ کر چلی گئی۔۔۔۔۔۔۔"

_____

م۔۔مجھے بات کرنی"۔۔۔۔۔!!!!!!وہ دارم کو دیکھ کر گھبراتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔"

روم میں"۔۔۔!!!!!وہ سنجیدگی سے جواب دے کر کمرے کی طرف بڑھ گیا اور میرال اسے جاتا"
دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔

میرال اسکے پیچھے کمرے میں گئی کمرے کا دروازہ کھلا تھا میرال اندر داخل ہوئی تو دارم کہیں بھی نہیں
تھا تبھی اسے دروازہ لاک ہونے کی آواز آئی میرال ہڑبڑا کر رہ گئی۔۔۔۔

بولو"۔۔۔!!!!!وہ اسکے قریب آکر اسکا ہاتھ تھامے محبت سے پوچھنے لگا۔۔۔۔"

آ۔۔۔آپ دوررہ۔۔۔کربات کریں"۔۔۔!!!!!وہ ڈرتے ہوئے ہمت سے کہنے لگی دارم نے" اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔

تم بیوی ہو میری میں حق رکھتا ہوں تم پر تم بولو"۔۔۔۔!!!!!دارم چہرے سخت تاثرات سجائے" اسکی کلائی اپنے ہاتھ لیے سرد لہجے میں پوچھنے لگا۔۔۔۔۔۔

آ۔۔۔آپ مجھ۔۔۔مجھے ڈیوارس دے دیں"۔۔۔۔!!!!!وہ نظریں جھکائے جس طرح یہ الفاظ بولی" تھی صرف میرال ہی جانتی تھی سامنے کھڑے شخص کو دھچکا لگا تھا۔۔۔۔۔۔۔

آریوان سینس میرال"۔۔۔۔!!!!!وہ اس سے دور ہو کر اسے دیکھتے ہوئے درشتی سے کہنے" لگا۔۔۔۔

یس آئی ایم "۔۔!!!!!اس کے دور ہونے سے اس میں اور بھی ہمت آگئی اور وہ اسے دیکھتے ہوئے "
بولی۔۔۔۔۔

یہ فضول باتیں اپنے ذہن سے نکال پھینکوں دارم مرزا ایسا کبھی نہیں کرے گا اپنے دماغ پر یہ بات "
بٹھا لو"۔۔۔!!!!!!!!وہ اسے سرخ آنکھوں سے دیکھے ہر لفظ چبا چبا کر کہنے لگا۔۔۔۔

میں چاہتی ہی نہیں ہوں یہ رشتہ "۔۔۔!!!!!!وہ اسے بولی۔۔۔۔۔۔"

یہ رشتہ کبھی ختم نہیں ہوگا میں تم کبھی نہیں کروں گا جاؤ یہاں سے "۔۔۔۔!!!!!وہ غصے سے اسے "
جانے کا کہنے لگا۔۔۔۔۔

مجھے "۔۔۔!!!!!وہ ابھی بول رہی تھی جب دارم نے اسکے ہونٹوں پر اپنی انگلی رکھی۔۔۔۔۔۔"

جسٹ شیٹ ایپ میں نے کچھ نہیں سننا جاؤ"۔۔۔۔!!!!!وہ چلا کر اسے جانے کا اشارہ کرنے لگا"
میرال اسے ایک نظر دیکھ کر وہاں سے چلی گئی۔۔۔۔۔۔۔

میرال کی باتیں دارم کے دماغ پر ابھی تک گردش کر رہی تھی اسکی باتیں دارم کا دماغ گھما رہی تھی
دارم جانتا تھا وہ ڈرتی ہے اس سے مگر اس رشتے سے تو اسے کبھی اعتراض نہیں تھا آخر اچانک کیوں
اس نے یہ کہا وہ سوچ سوچ کر حد سے پریشان ہو رہا تھا دماغ ساتویں آسمان کو پہنچا ہوا تھا صرف
سگریٹ سے ہی دماغ کو تھوڑا سکون ملنا تھا مگر وہ بھی نہیں پی سکتا تھا۔۔۔۔۔

سنو شمائلہ"۔۔۔!!!!!میرال نے میڈ کو پکارا۔۔۔"

جی باجی"۔۔۔۔!!!!وہ پوچھنے لگی۔۔۔۔"

یہ دارم صاحب کے روم میں تو دے آؤ"۔۔۔۔!!!!!وہ اسے کہنے لگی۔۔۔۔۔"

جی اچھا"۔۔۔!!!!!!وہ اثبات میں سر ہلا کر چلی گئی۔۔۔۔۔"

مجھے پتہ ہے میری باتیں آپ کا دماغ خراب کر رہی ہوں گی لیکن میں آپ کے قابل نہیں ہوں دماغ" ٹھیک کرنے کیلیے چائے بھیجی ہے اور مجھے یقین مسٹر دارم مرزا آپ سگریٹ رو بلکل نہیں پیے گا تو اسی سے بہتر ہو جائے گی انشاء اللہ"۔۔۔۔!!!!!وہ اسکے کمرے کو دیکھتے ہوئے دل میں خود سے کہنے لگی اور کمرے کی طرف بڑھ گئی۔۔۔۔۔۔

_____

وہ واشروم سے باہر آیا نظر ڈریسنگ ٹیبل پر رکھی چائے دیکھنے لگا وہ بیڈ پر آیا اور سائیڈ ٹیبل پر پڑی چائے گھونٹ بھرا۔۔۔۔

میرال آئی تھی"۔۔۔۔!!!!!!!وہ چائے کا ذائقہ پہچانتے ہوئے کہنے لگا اسکے چہرے پر مسکراہٹ" آئی اس نے چائے پی اور کمرے سے اٹھ کر اسکے کمرے میں گیا۔۔۔۔

_____

وہ کمرے میں داخل ہوا تو وہ سر پر حجاب کیے جائے نماز لپیٹنے میں مصروف تھی اسے موجود دیکھ کر میرال کو حیرانگی ہوئی وہ اسکی طرف بڑھا کچھ کہے بغیر اسے سینے سے لگایا میرال ہڑبڑا کر رہ گئی وہ اسے روک بھی نہیں سکی۔۔۔۔۔

مجھے پتہ تھا"۔۔۔!!!!!!وہ اس سے الگ ہوتے ہوئے ہاتھ تھامے اسے کہنے لگا۔۔۔۔"

کیا"۔۔۔؟؟؟؟؟ میرال اپنا ہاتھ چھڑواتی پیچھے کی طرف بڑھنے لگی۔۔۔۔۔۔"

چائے تم نے بھجوائی تمہیں فکر ہے میری"۔۔۔!!!!!!!وہ مسکراتے ہوئے خوشی سے کہنے لگا۔۔۔۔۔

چائے۔۔۔کیا بول رہے ہیں"۔۔۔!!!!میرال منہ دوسری طرف کیے با مشکل بولنے لگی۔۔۔۔"

جو تم نے بھجوائی"۔۔۔۔!!!!!وہ اسے یاد دلانے لگا۔۔۔۔"

غلط فہمی۔۔۔ ہوئی ہے مسٹر دارم مرزا ایسا بلکل نہیں ہے تائی امی یا میڈ رکھی کر گئی ہوگی میں تو کب سے کمرے میں ہوں"۔۔۔!!!!!وہ اسے بہت صفائی سے جھوٹ کہنے لگی جس پر دارم نے اسکا بازو پکڑا اسکا رخ اپنی طرف کیا۔۔۔۔۔

میں تمہارا ٹیسٹ کبھی پہچاننے میں غلطی نہیں کر سکتا"۔۔۔۔۔!!!!!!وہ اسے وارڈروب سے لگائی" سرد لہجے میں کہنے لگا جس پر میرال گھبرا کر رہ گئی۔۔۔۔۔۔

مجھ۔۔مجھے نیند آرہی ہے جائیے۔۔۔۔آپ"۔۔۔۔!!!!!!!وہ کانپتی ہوئی آواز میں کہنے لگی۔۔۔۔"

ڈیڈ تم یہ سب کیوں کر رہی ہو"۔۔۔۔۔!!!!!!!!وہ وارڈروب پر زور سے ہاتھ مارے غصے سے کہنے" لگا۔۔۔۔۔۔

می۔۔میری مرضی"۔۔۔۔!!!!!وہ نظریں جھکائے کہنے لگی۔۔۔۔۔"

تم یہ بات ذہن سے نکال دو تم دارم کی نہیں بنو گی کیونکہ تم صرف میری بنو گی صرف دارم مرزا کی" یاد رکھنا"۔۔۔۔!!!!!!!!!!وہ اسے غصے سے کہتے ساتھ چلا گیا اسکے جاتے ہی جو آنسوؤں وہ ضبط کر کے کھڑی تھی صبر کا پیمانہ لبریز ہوا وہ رونے لگی۔۔۔۔۔۔

وہ آفس میں داخل ہوا سب لوگ کام میں مصروف رہے وہ اپنی مغرور چال چلتا کیبن کی طرف بڑھ گیا اسکا اسسٹنٹ فوراً پیچھے گیا۔۔۔۔۔

میٹنگ ہے"۔۔۔۔؟؟؟؟؟ وہ سوالیہ نظروں سے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔"

سر۔۔۔ انہوں نے میٹنگ۔۔۔ کینسل کردی"۔۔۔!!!!!وہ رک رک کر ڈر ڈر کر بتانے لگا جس پر وہ" اسے غصے سے دیکھنے لگا اسکی سیاہ سرخ آنکھیں دیکھ کر وہ۔ شخص ڈر گیا۔۔۔۔۔

گیٹ آؤٹ"۔۔۔۔!!!!!!!!وہ درشت لہجے میں اسے کہنے لگا وہ خاموشی سے چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔"

ڈیڈ"۔۔۔!!!!!!وہ غصے سے ٹیبل پر پڑا ڈیکوریشن پیس اٹھا کر زمین پر پٹک چکا۔۔۔۔۔۔"

تم نے کچھ کہا ہے دارم کو"۔۔۔؟؟؟؟ جاذب دارم کا موڈ دیکھ کر میرال سے پوچھنے لگا۔۔۔۔"

ہماری بات ہے"۔۔۔!!!!!!میرال اسے دیکھے بغیر جواب دینے لگی۔۔۔۔۔۔"

خدانہ خواستہ کہیں شادی سے انکار تو نہیں کردیا نہیں میرال یہ مت کرنا میرا بھائی مرجائے "
گا"۔۔۔۔۔!!!!!وہ منہ بنا کر ایکٹنگ کرتے ہوئے کہنے لگا۔۔۔۔۔

کیا فضول بول رہے ہو بچپن کا نکاح ہے ان دونوں کا پاگل ہے وہ انکار کرے گی جاؤ تم کمرے میں"
اپنے"۔۔۔۔!!!!!!!زرین بیگم غصے سے جاذب سے کہنے لگی انکی بات سن کر میرال کے چلتے ہاتھ
رکے جاذب وہاں سے چلا گیا اور زرین بیگم میرال کی طرف بڑھے۔۔۔۔

تم یہ سب کیوں کر رہی ہو اب چھوڑو میں کرلوں گی تمہاری دو دن بعد مہندی تھوڑا آرام"
کرو"۔۔۔۔!!!!وہ محبت سے بولی میرال خاموشی سے چلی گئی۔۔۔۔۔۔

وہ سب لوگ رات کا کھانا کھا رہے تھے دارم نہیں تھا وہ لازمی ہوتا تھا صرف بیمار ہوتا تھا تو نہیں آتا تھا ورنہ لازمی کھانا کھاتا تھا۔۔۔۔۔۔۔

دارم کہاں ہے"۔۔۔؟؟؟؟؟ ریحان مرزا کہنے لگے۔۔۔۔"

اسے بھوک نہیں لگی ہے"۔۔ !!!!!!!زرین بیگم کہنے لگی میرال خاموشی سے سب سن رہی تھی۔۔۔۔۔

ناشتہ کرنے کے بعد سب لوگ اپنے اپنے کمروں میں چلے گئے میرال پریشان تھی دارم کی وجہ سے وہ کمرے میں ٹہل رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

دارم جو تہجد پڑھ کر ابھی اٹھا تھا تبھی دروازے پر دستک ہوئی۔۔۔۔۔

کم آن "۔۔۔!!!!!!وہ بیڈ پر بیٹھتے ہوئے سپاٹ لہجے میں کہنے لگا۔۔۔۔۔"

وہ اندر داخل ہوئی دارم نے اسے دیکھا وہ اسکے سامنے آئی۔۔۔۔

نیچے کیوں نہیں آئے آپ "۔۔۔؟؟؟؟ وہ ہاتھ میں ڈش لیے اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگی۔۔۔۔"

میرا دل نہیں "۔۔۔!!!!!وہ سرد و سپاٹ لہجے میں اسے دیکھے بغیر کہنے لگا۔۔۔۔۔"

میرال نے ڈش اسکے سامنے رکھی دارم اسے دیکھنے لگا اور منہ بنا کر جانے لگی۔۔۔۔۔

یہ سب کیا ہے کیا تم نے کل بتا تو دیا ہے تم پسند نہیں کرتی مجھے"۔۔۔۔!!!!!وہ اسے سخت لہجے سے" بولا میرال نظر انداز کر کے آگے بڑھنے لگی دارم اسکی طرف بڑھا اسکا ہاتھ تھاما اسکا زور سے کھینچ کر قریب کیا۔۔۔۔۔۔

تم دارم مرزا کو نظر انداز نہیں کر سکتی دماغ پر بٹھا کر رکھو یہ بات سمجھی"۔۔۔۔!!!!!وہ اسے بازوؤں" سے تھامے اپنی سرد نگاہیں اس پر گاڑھے غصے سے کہنے لگا میرال کی سانس رک سی گئی اسکی آنکھوں میں پانی آنے لگا۔۔۔۔۔۔

می۔۔۔مجھے۔۔۔۔جانا۔۔۔ہے"۔۔۔۔!!!!وہ رک رک کر اپنا آنسو ضبط کیے اسے کہنے لگی دارم" نے جھٹکے سے اسے الگ کیا۔۔۔۔۔

جاؤ"۔۔۔!!!!وہ درشت لہجے میں کہتے ساتھ بیڈ پر چلا گیا میرال روتے ہوئے کمرے سے باہر آ" گئی۔۔۔۔۔

ڈیڈ"۔۔!!!!!!!اسے روتا جاتا دیکھ کر دارم نے زور سے دیوار پر ہاتھ مارا۔۔۔۔۔۔"

وہ کمرے میں آئی تھی آنسوؤں بے شمار نکل رہے۔۔۔۔

آپ سمجھ ہی نہیں سک رہے ہیں مجھے دارم"۔۔۔!!!!!!وہ روتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔"

آپ اسکی بچپن کی محبت ہے اور بچپن کی محبت نکلکم بچوں جیسی ہوتی ہے میرال آپی وہ آپ کے" معاملے ایک بچے ہی ہیں"۔۔۔۔!!!!!مروہ پیچھے سے آکر کہنے لگی میرال نے روتے ہوئے اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔

میں بھی پیار کرتی ہوں مگر میں اس قابل نہیں ہوں مروہ"۔۔۔!!!!!!وہ روتے ہوئے اسکے سینے سے" لگ گئی۔۔۔۔۔۔

یہ بات ذہن سے نکال دیں ایک خوفناک خواب سمجھ کر جان کر تو نہیں ہوا کچھ بھی"
آپی"۔۔۔۔۔۔!!!!!!وہ اسے سینے سے لگائے کہنے لگی میرال نے اسکی طرف دیکھا۔۔۔۔۔۔

!!!!!!میں نے بہت کوشش کی مگر وہ میرے ماضی کا گندہ حصہ بن چکا ہے حد سے زیادہ گندہ"۔۔۔"
وہ اسے بتانے لگی۔۔۔۔۔

بس اب سب بھولیں اور شادی کو انجوائے کریں کتنے شوق تھے آپ کے چلیں صاف کریں"
آنسو"۔۔۔!!!!!!!وہ اسے کہنے لگی جس پر میرال نے آنسو صاف کیے اور اثبات میں سر ہلایا مروہ
مسکرادی۔۔۔۔۔

_____

وہ سب لوگ ناشتہ کر رہے تھے دارم بھی موجود تھا دارم کی نظریں مسلسل میرال پر تھی دارم کو میرال کی آنکھیں کافی سوجی سوجی لگی تو اسے پریشانی سی ہوئی وہ خاموش بیٹھی ٹیبل کو دیکھنے میں مگن تھی اور باقی سب خاموشی سے ناشتہ کر رہے تھے۔۔۔۔

سب لوگ ناشتہ وغیرہ کر کے شادی کے کاموں میں لگ گئے آج ان دونوں کی مہندی تھی اور سب لوگ بہت ہی زیادہ مصروف تھے۔۔۔۔۔

وہ کمرے میں جا رہی تھی جب کسی نے اسکی کلائی تھام کر اسے کھینچا اور دیوار سے لگایا۔۔۔۔

روئی ہو"۔۔؟؟؟ وہ اسے سوالیہ نظروں سے گھورتے ہوئے پوچھنے لگا اور میرال کا جسم پورا کانپنے" لگا۔۔۔۔۔

مم۔۔ مطلب"۔۔۔۔!!!!!وہ گھبراتے ہوئے پوچھنے لگی۔۔۔۔"

کیا ہوا ہے"۔۔؟؟؟ دارم نے اس سے پھر پوچھا۔۔۔۔۔"

میں آپ کو بتانا ضروری نہیں سمجھتی"۔۔۔!!!!وہ اسے دیکھے بغیر نظریں دوسری طرف جمائے" کہنے لگی۔۔۔۔۔

!!!!!!تم صرف مجھے بتانا ہی ضروری سمجھو شوہر ہوں تمہارا اور دن بعد تم میرے پاس ہوگی"۔۔۔۔" وہ اسکی بازوؤں پر زور ڈالے اس پر اپنا جھکائے سرد لہجے میں کہنے لگا میرال کی سانس رک سی گئی۔۔۔۔۔۔

آآ۔۔آپ گندے۔۔۔ہیں"۔۔۔!!!!!!وہ رونے والی شکل بنا کر ڈرتے ہوئے کہنے" لگی۔۔۔۔۔۔

اور تم جو کر رہی ہو بہت اچھا مسز دارم مرزا یہ بات اپنے ذہن میں بٹھا لو دارم تمہیں اپنے علاوہ کسی کا" ہونے نہیں دے سکتا"۔۔۔!!!!!وہ اسکے کان کے قریب ہو کر اپنا ایک ہاتھ اسکی گردن پر پھیرنے انتہائے شدت سے بولا میرال کے اندر کرنٹ سا دوڑا اسکی جان پر بن گئی اور دارم اسے بے بس سا کر کے اس سے دور ہوتا چلا گیا اور میرال اسے جاتا دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

آج مہندی تھی ساری تیاریاں لان میں کی گئی تھی اسٹیج کے ارد گرد پیلے اور سبز رنگ کے پھول لگے ہوئے تھے صوفے کے ارد گرد بھی لگے ہوئے تھے بہت خوبصورتی اور نفاست سے کی گئی تھی بہت پیارا لگ رہا تھا۔۔۔۔۔

وہ کمرے میں بیٹھی شیشے میں اپنا عکس دیکھ رہا تھا لائٹ سے میک ایپ میں پنک کلر کا بلش شون پنک لپسٹک لگائے سبز رنگ کی شرٹ اور گولڈن رنگ کا کام ہوا لہنگے بھی سبز رنگ کا اور اوپر اورنج کلر کا کام ہوا تھا ہوا۔ سبز رنگ کا سر پر ڈوپٹہ کیے گولڈن جیولری پہنے پیروں پر ہیلز چڑھائے وہ غضب ڈھا رہی تھی مگر چہرے پر اداسی چھائی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

ارے واہ میری بچی کتنی پیاری لگ رہی ہے"۔۔۔!!!!!!شہناز بیگم اسکے دیکھتے ہیں پیار سے کہنے" لگی میرال نے ان کی طرف دیکھا اور مسکرائی۔۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

اللہ ہمیشہ خوش بھی رکھے "۔۔۔!!!!!وہ اسکے سینے سے لگائے افسردگی سے کہنے لگی۔۔۔۔"

آپ کی بیٹی کو خوشی زیادہ دیر نہیں ملتی کچھ نہ کچھ ہو کر مجھے اداس کر دیا جائے گا "۔۔۔۔!!!!!!وہ ان" کے سینے سے لگی افسردہ سی کہنے لگی۔۔۔۔۔

فضول مت بولو ایک نئے سفر کی شروعات ہے اچھے کی امید رکھنی چاہیے نظر نہ لگ" جائے "۔۔۔۔!!!!!کہتے ساتھ انہوں نے آنکھ میں انگلی لگا کاجل نکالا اور اسکی تھوڑی پر لگایا اور اسکا ماتھا چوم کر باہر چلی گئی۔۔۔۔۔۔

مہمان آنا شروع ہو چکے تھے۔انصر صاحب اور شہناز بیگم سب کا ویلکم کر رہے تھے۔۔۔۔۔

دارم سیاہ رنگ کا کرتا پہنے جس پر سیاہ بٹن لگے بالوں کو اچھے سے سیٹ کیے بھری ہوئی بئیرڈ میں ہاتھوں میں برینڈڈ گھڑی پہنے پیروں پر کھیڑے چڑھائے وہ بہت زیادہ ہینڈسم اور وجیح لگ رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

وہ جو اسٹیج پر بیٹھا تھا مروہ اور رمشہ میرال کو لے کر آئی وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھائے چل کر آرہی تھی دل ایک الگ ہی اسپیڈ سے چل رہا تھا دارم کی نظر اس پر گئی تو وہی رک سی گئی وہ اس وقت کوئی معصوم پری کی مانند لگ رہی تھی بہت زیادہ پیاری لگ رہی تھی وہ اسٹیج تک پہنچ چکے تھے دارم نے میرال کی طرف ہاتھ بڑھایا جو اس نے بہت ڈرتے اور کانپتے ہوئے تھاما اس نے اسے زور سے اپنی طرف کھینچا اور اسے اپنے ساتھ بٹھایا خود بھی ساتھ بیٹھا۔ وہ گھبرائے نظریں جھکائے بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔۔

تمہاری اسی ادا پر دارم مرزا فدا ہے اسی وجہ سے تم سے دور نہیں ہو سکتا"۔۔۔۔!!!!!!!وہ اسکے کان کے قریب ہو کر گھمبیر آواز میں کہنے لگا میرال کی ہارٹ بیٹ مس ہوئی اس نے ناچاہتے ہوئے بھی اسے دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہا تھا میرال نظریں فوراً جھکا گئی دارم کے چہرے پر ایک خوبصورت مسکراہٹ نمودار ہوئی۔۔۔۔۔۔

مہندی اپنے انداز پر چل رہی تھی وہ گھبرائی اور خوفزدہ بیٹھی تھی دارم نے میرال کا ہاتھ مضبوطی سے تھام لیا میرال کے جسم میں ایک کرنٹ سا دوڑا وہ کانپ کر رہ گئی وہ بہت ہی ڈری ہوئی بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔

سب لوگ ان دونوں کو ساتھ دیکھ کر بہت خوش تھے شہناز بیگم تھوڑا ڈر رہی تھی کہ اصلیت سے واقف ہو کر کیا دارم کے ساتھ رہے گا اور وہی ریحان مرزا اور زرین بیگم بہت زیادہ خوش تھے۔۔۔۔۔۔

مہندی ختم ہو چکی تھی اور بہت ہی اچھے سے ہوئی تھی سب تھکے ہارے کمروں کی طرف بڑھ گئے تھے۔۔۔۔۔

میرال ہاتھوں میں لگی دارم کے نام کی مہندی دیکھتے ہوئے ہی سو گئی تھی۔۔۔

دارم کمرے میں چکر کاٹ رہا تھا اسکے ذہن میں بار بار میرال کا آج والا چہرہ آ رہا تھا دارم کا اسے دیکھنے کا بہت دل کر رہا تھا وہ کمرے سے باہر نکل گیا۔۔۔۔۔۔

وہ کمرے میں داخل ہوا نظر سامنے بیڈ کراؤن کیساتھ ٹیک لگائے گہری نیند سوتی اس معصوم چہرے پر گئی دارم کے چہرے ایک دلفریب مسکراہٹ آئی وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا اس جانب گیا وہ گہری نیند سونے میں مصروف تھی۔۔۔۔۔

ہنی"۔۔۔!!!!!وہ اسکے کان کے قریب ہو کر گھمبیر آواز میں کہنے لگا جس پر وہ ایکدم گھبرا کر اٹھ بیٹھی" تھی اور اسے دیکھا جو چہرے پر مسکراہٹ سجائے اسے دیکھنے میں مصروف تھا۔۔۔۔۔

آآ۔۔آپ۔۔۔یہاں۔۔اس وقت"۔۔۔؟؟؟؟؟ وہ گھبرائے ڈرے لہجے میں خوف سے بھری" آنکھیں لیے پوچھنے لگی۔۔۔۔۔۔

کبھی بھی آ سکتا ہوں میں"۔۔۔۔!!!!!!وہ اس پر نظریں جمائے سنجیدگی سے کہنے لگا میرال نظریں
جھکائے تھوڑا پیچھا ہونے لگی۔۔۔۔

کل تم دارم مرزا کے بہت قریب ہوگی بہت زیادہ"۔۔۔۔۔!!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگا جس
پر میرال کی سانس رک سی گئی اسکے چہرے کا رنگ عجیب سا ہوگیا دارم اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔

مم۔۔مجھے۔۔۔چچ۔۔چینج۔۔۔کک۔ککرنا کے"۔۔۔۔!!!!!کانپتے ڈرتے ہوئے وہ بامشکل بول
سکی دارم اسکے چہرے کے اڑتے رنگ دیکھ کر پریشان وا۔۔۔۔۔۔

آریواوکے"۔۔۔؟؟؟؟؟وہ اسے دیکھتے ہوئے فکرمند سا پوچھنے لگا۔۔۔۔۔"

ی۔۔یس"۔۔۔!!!!!!وہ اسے کہتے ساتھ باتھروم میں بند ہوگئی اور دارم ایک سوچ میں پڑ"
گیا۔۔۔۔۔۔

گھڑی رات کے دو بجا رہی تھی وہ اپنی بیلکونی میں کھڑا میرال کے بارے میں ہی سوچ رہا تھا اس نے جیب سے فون نکالا اور ایک نمبر پر کال کیا۔۔۔۔

کون "۔۔۔؟؟؟؟ جاذب گہری نیند سو پوچھنے لگا۔۔۔۔"

روم میں آؤ"۔۔۔!!!!!دارم کی سرد آواز جب جاذب کے کانوں سے ٹکرائی وہ ایکدم اٹھ گیا۔۔۔۔۔

خیریت تو ہے نا"۔۔۔!!!!!!جاذب پریشانی سے کہنے لگا۔۔۔۔۔۔۔"

آئی سیڈ کم "۔۔۔۔!!!!!!وہ کہتے ساتھ کال بند کر گیا۔۔۔۔۔"

وکھڑاا ٹیٹیوڈ ہے اس میں"۔۔۔۔!!!!!!وہ منہ بنا کر کہنے لگا۔اور آٹھ کر گیا۔۔۔۔"

بولو"۔۔۔!!!!جاذب اسکے ساتھ کھڑا جیبوں میں ہاتھ ڈا کے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔"

میرے پیچھے کیا ہوا تھا"۔۔۔؟؟؟؟؟؟وہ اسے دیکھے بغیر نظریں باہر مرکوز کیے سنجیدگی سے پوچھنے لگا"
جاذب نے ایک حیرت سے اسے دیکھا تھا۔۔۔۔۔

کک۔۔کچھ نہیں"۔۔۔!!!!!وہ تھوڑا ہچکچاتے ہوئے کہنے لگا دارم نے اسکی طرف دیکھا۔۔۔۔۔۔"

میرال کو کیا ہوا ہے"۔۔۔۔؟؟؟؟وہ اسے دیکھتے ہوئے سر دنگا ہیں اس پر ڈالے پھر سے پوچھنے"
لگا۔۔۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

بیوی کس کی ہے آپکی میرے سے ویسے نہیں بنتی تومجھے کیا پتہ ہوگا کیا ہوا ہے"۔۔۔۔!!!!!!وہ"
بہت پر سکون سے انداز میں جواب دینے لگا۔۔۔۔۔

آسٹریلیا جب گیا تھا پیچھے کچھ نہیں ہوا تھا"۔۔۔۔؟؟؟؟ وہ ایک دفعہ پھر سے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔"

بلکل نہیں پیچھے کیا ہونا تھا"۔۔۔۔!!!!جاذب سوچتے ہوئے بولا۔۔۔۔۔۔"

جاؤ"۔۔۔۔!!!!وہ کہتے ساتھ کمرے میں آگیا جاذب اسے دیکھنے لگ گیا اور منہ بنا کر چلا"
گیا۔۔۔۔۔۔

_____

آج بارات تھی گھر میں بہت ہی زیادہ کام تھے میرال کمرے میں بیٹھی رات یاد کرنے لگی۔۔۔۔

کوشش کی تھی نارمل ہونے کی لیکن نہیں ہو سکی"۔۔۔!!!!!وہ مروہ کو دیکھے بغیر دوسری جانب"
دیکھے آنکھوں میں نمی لیے کہنے لگی۔۔۔۔۔

کیوں"۔۔۔۔؟؟؟؟مروہ نے پوچھنا چاہا۔۔۔۔"

وہ جب بھی قریب آنے کی بات کرتے ہیں میرا ذہن اس طرف چلا جاتا ہے اور پھر ڈر کے مارے"
نا جانے کیا کیا کہہ دیتی ہوں"۔۔۔۔!!!!!وہ افسردگی سے کہنے لگی جس پر مروہ بھی پریشان
ہوئی۔۔۔۔۔۔

آپ جانتی ہیں دارم بھائی کے غصے کو میں بہت دفعہ آپ کو سمجھانے کی کوشش کی ہے ایک"
خوفزدہ ماضی سمجھ کر بھلانے کی کوشش کریں مجھے پتہ ہے وہ بھلا دینے والی چیز نہیں ہے لیکن پھر بھی
کوشش تو کریں دارم بھائی کی زندگی میں جا رہی ہیں آپ ایک نئی زندگی کی طرف تو آپ کو خود کو بدلنا
ہوگا باجی وہ بھول جائے"۔۔۔۔!!!!!!مروہ اسے کہتے ساتھ اٹھ کر چلنے لگی میرال اسے جاتا دیکھنے
لگی۔۔۔۔۔

پارلر کیلیے تیار ہو جائیں پھر چلیں"۔۔!!!!!مروہ کہتے ساتھ باہر بڑھ گئی اور میرال ویسے ہی بیٹھی" رہی۔۔۔۔۔۔

بارات کا انتظام بھی لان میں کیا گیا تھا لال اور سفید پھولوں سے اس قدر خوبصورت لگ رہی تھی ہر چیز اور جتنی نفاست سے سجایا گیا تھا وہ اور بھی خوبصورت لگ رہا تھا مہمان آنا شروع ہو چکے تھے۔۔۔

دارم گولڈن شیروانی میں موجود پیروں پر کھسہ چڑھائے بالوں کو اچھے سے سیٹ کیے بڑھی ہوئی بئیرڈ وہ بہت بہت زیادہ ہینڈسم لگ رہا تھا وہاں موجود بہت سی لڑکیوں کی نظر بس اسی پر تھی مگر وہ کسی اور کے ہی انتظار میں وہاں بیٹھا باہر کی طرف نظریں مرکوز کیے تھا۔۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

تبھی میرال لان میں داخل ہوئی مروہ اور اپنی کزن رمشہ کیساتھ لال رنگ کے لہنگہ ہم رنگ چولی پہنے اس پر گولڈن رنگ کا کام ہوا ہوا سر پر ریڈ ڈوپٹہ ٹکائے لائٹ سے میک ایپ میں ہونٹوں پر لائٹ براؤن لپسٹک لگائے گولڈن رنگ کی جیولری پہنے پیروں پر ہیلز چڑھائے وہ غضب ڈھا رہی تھی آج وہ سب کی نظروں کا مرکز بنی کھڑی تھی مروہ اور رمشہ اسے آرام سے اسٹیج پر لائے دارم اسے دیکھنے میں مصروف تھا وہ لگ ہی اس قدر حسین رہی تھی میرال گھبرائی ہوئی نظریں جھکائے بیٹھی تھی دارم اسے اپنے پاس دیکھ کر مسکرایا۔۔۔۔۔۔

مروہ ایک سائیڈ پر کھڑی نظریں میرال پر تھی وہ اس کے لیے بہت زیادہ پریشان تھی۔۔۔۔

تم ٹھیک ہو"۔۔۔؟؟؟؟ جاذب اسے دیکھتے ہوئے فکرمندی سے پوچھنے لگا۔۔۔۔"

ج۔۔جی"۔۔۔!!!!!!!مروہ گھبرا کر کہتے ساتھ جانے لگی جاذب اسے جاتا دیکھنے لگا۔۔۔۔"

ڈرتی تو ایسی ہے جیسے کسی ڈائناسور کو دیکھ لیا ہو خیر۔"۔۔۔!!!!!!وہ منہ بنا کر کہتے ساتھ اسٹیج کی طرف بڑھا۔۔۔۔۔۔۔

بارات بھی بہت ہی اچھے سے ہوئی تھی اور اب ختم بھی ہو چکی تھی ساری رسمیں ادا ہو گئی تھی وہ دارم کے کمرے میں سجے بیڈ پر بیٹھی جو لال پھولوں سے سجا ہوا تھا دل ایک ہی الگ ہی اسپیڈ سے دھڑک رہا تھا وہ نظریں جھکائے اپنے ہاتھوں کو مسل رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ کمرے میں داخل ہوا اپنے عشق اپنی ہنی کو آج اپنے کمرے میں پورے حق سے بیٹھا دیکھ دارم کے چہرے پر ایک الگ ہی چمک تھی وہ اسے دیکھ کر مسکرایا میرال ویسے ہی نظریں نیچے کیے بیٹھی تھی وہ اسکی طرف بڑھا۔۔۔۔۔۔۔

آج تم سیدھا دارم مرزا کے دل میں اتر رہی ہو لال میں اس قدر حسین لگ رہی تھی مجھے آزمایا ہے تم "
نے بارات پر وہ اسکا ہاتھ تھامے جو بہت زیادہ کانپ رہا تھا اسے محبت پار نظروں سے دیکھتے ہوئے
کہنے لگا میرال نے گھبرا کر اسکی طرف دیکھا دارم اسکے قریب ہوا اور اسکے چہرے پر ہاتھ رکھے اپنی
نظریں اس پر جمائے اسے دیکھنے لگا میرال کا دل بند ہونے کو تھا دارم نے اسکا ڈوپٹہ سر سے ہٹایا
میرال کی ریڑھ کی ہڈی میں اک سنسناہٹ سی دوڑی اس نے اسکی ماتھا پٹی جو وہ لگائے بیٹھی تھی اس
نے وہ بھی اتاری اسکی نتھ بھی اور گردن پر ہاتھ پھیر کر نیکلس نکالنے لگا میرال کا دل باہر نکلنے کو تھا وہ
بے بس ہو رہی تھی وہ بت بنی کانپی بیٹھی تھی اوہ دارم نے اسکے ماتھے پر پوری شدت سے لب رکھ
گیا اور میرال کا پورا جسم کانپ کر رہ گیا اور پھر دارم نے اسکے کانٹے اتارے اور سب چیزوں کو
سائیڈ ٹیبل پر رکھا دارم اپنے اور اسکے بیچ کے فاصلے کو ختم کرتا اسے قریب کر گیا اور اسے دیکھتے
دیکھتے رخسار پر اپنے ہونٹوں کا لمس محسوس کروایا میرال کا پورا جسم ہل کر رہ گیا وہ لال ہو چکی تھی اور
اس قدر پیاری لگ رہی تھی کہ دارم کا دل کیا وہ اسے خود میں بھیج دے اس نے دوسری رخسار پر بھی
یہی عمل دہرایا میرال نظریں جھکائے ڈری سہمی خاموش بیٹھی تھی دارم نے اسکے ہونٹوں کے
قریب اپنے ہونٹ کیے ابھی وہ انہیں چھونے ہی لگا تھا کہ میرال کا دماغ دوسری طرف چلا
گیا۔۔۔۔۔۔

نن۔ نہیں۔۔۔"۔۔۔!!!!!!!وہ گھبراتے ہوئے کہتے ساتھ پیچھے ہو گئی اور دارم اسے دیکھنے" لگا۔۔۔۔۔۔

کیا ہوا ہنی"۔۔۔؟؟؟؟ دارم فکرمند لہجے میں پوچھنے لگا میرال خوف بھری نظروں سے ادھر ادھر" دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔

سب ٹھیک ہے نا ہنی"۔۔۔!!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے پھر نرمی سے مخاطب ہوا۔۔۔۔۔"

چچ۔۔ چینج کرنا ہے"۔۔۔!!!!!میرال گھبرا کر کہنے لگی دارم نے اسے دیکھا۔۔۔۔۔"

اوکے تم ایزی ہو جاؤ"۔۔۔۔!!!!!!!وہ اسے دیکھتے کہتے ساتھ دارم سائیڈ پر ہو گیا اور میرال بیڈ سے" اٹھ کر باتھروم کی طرف چلی گئی۔۔۔۔۔

وہ فریش ہو کر واپس آئی تو تو دارم کی نظر اس پر گئی۔۔۔۔

تم ٹھیک ہو طبیعت ٹھیک ہے"۔۔۔!!!!!وہ فکرمند سا پوچھنے لگا میرال نظریں جھکائے کھڑی تھی۔۔۔۔

ج۔۔جی"۔۔۔۔!!!!!!وہ ہڑبڑا کر کہنے لگی۔۔۔۔۔"

کیا ہوا ہے ہنی بتاؤ تم اچانک یوں اٹھ گئی"۔۔۔!!!!!وہ نرمی سے اسکے قریب ہوتے ہوئے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔

مم۔۔میں ٹھیک ہوں مجھے تھوڑا وقت۔۔۔چاہیے"۔۔۔۔۔!!!!!وہ گھبراتے ہوئے اسے دیکھے بغیر کہنے لگی۔۔۔۔۔

تمہیں جتنا چاہیے وقت لو مگر دارم مرزا سے دور ہونے کی بات مت کرنا"۔۔۔۔!!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگا۔۔۔۔۔

"م۔۔میں نماز ادا کرلوں"۔۔۔!!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگی جس پر دارم نے اثبات میں سر ہلا دیا اور خود اسٹڈی کی طرف بڑھ گیا میرال اسے جاتا دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔

اسکے جانے کے بعد میرال نے نفل ادا کیے اور دعا کیلیے اٹھائے۔۔۔۔۔

"اللہ تعالیٰ میرے میں تھوڑی ہمت لے آؤ میں نہیں کرنا چاہتی تھی سب آپ چاہتے ہیں آٹھ سال کی تھی جب وہ مجھے اچھے لگنے لگے تھے مجھے نہیں پتہ وہ سچ جاننے کے بعد کیا کریں گے اب سب کچھ میں اپنا آپ کے اوپر چھوڑتی ہوں اللہ تعالیٰ جو میرے لیے راستہ ٹھیک ہو اسی راستے پر مجھے چلا دیجیے گا بس دارم مجھے نے چھوڑیں اگر انہوں نے چھوڑ دیا تو میرال واقع پاگل ہو جائے گی"۔۔۔۔۔!!!!!!وہ خدا سے گفتگو کرتے ہوئے زاروقطار رونے لگ گئی اور سجدے میں منہ دے گئی۔۔۔۔۔۔

وہی دوسری طرف وہ اسٹڈی میں خدا سے گفتگو کر رہا تھا۔۔۔۔

اللہ تعالیٰ میں بدلنا چاہتا ہوں اپنی میرال کیلیے میری مدد کیجیے گا کہ میں نرمی سے پیش آسکوں اس سے "
۔۔۔!!!!!!وہ دعا کرتا چہرے پر ہاتھ پھیر کر جائے نماز رکھتا کمرے کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔۔"

وہ کمرے میں آیا تو وہ حجاب میں بیڈ پر گہری نیند سونے میں مگن تھی دارم کی نظر اس پر گئی اسکا سفید خوبصورت چہرہ صاف دیکھ رہا تھا دارم کے دل نے بیٹ مس کی وہ اسکے پاس آیا گھٹنوں کے بل بیٹھا اسے دیکھتا رہا اور آگے بڑھ کر اسکے ماتھے پر لب رکھے میرال نیند میں ہلکا سا ہلی لیکن اسی سکون سا محسوس ہوا دارم آٹھ کر اسکے مقابل لیٹ گیا اور اسے دیکھنے لگ گیا اسے دیکھتے دیکھتے کب دارم کی آنکھ لگی دارم کو معلوم ہی نہیں۔۔۔۔۔۔

صبح دارم کی آنکھ پہلے کھلی وہ یوں ہی حجاب میں دنیا سے بیگانہ بے خبر سو رہی تھی سورج کی روشنی اسکے چہرے کو مزید نکھار رہی تھی اسکی لال رخسار اور لال ہو رہی تھی اور اس وقت وہ دارم کے سیدھا دل میں اتر رہی تھی اور دارم کا دل گستاخی کرنے پر اتر رہا تھا مگر وہ خود پر بامشکل قابو پا کر اٹھا اور باتھروم کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔۔۔

_____

دارم فریش ہو کر آیا تو میرال بیڈ پر بیٹھی نظریں کمرے میں گھما رہی تھی اسکے آتے ہی میرال ایکدم اٹھ گئی۔۔۔۔

گڈ مارننگ ہنی"۔۔۔!!!!!وہ اسے محبت سے دیکھتے ہوئے کہنے لگا میرال نے ایک نظر اسے دیکھا" اور نظریں جھکا گئی۔۔۔۔

گ۔۔گڈ مارننگ"۔۔۔!!!!وہ با مشکل جواب دے کر باتھروم کی طرف بڑھ گئی اور وہ اسے جاتا" دیکھنے لگا۔۔۔۔

کچھ دیر بعد وہ فریش ہو کر آئی تو وہ کاؤچ پر بیٹھا لیپ ٹاپ استعمال کر رہا تھا میرال اسے ایک نظر دیکھ کر وارڈروب کی طرف بڑھنے لگی تبھی دروازے پر ناک ہوا۔۔۔۔

کون "۔۔۔؟؟؟ میرال نے پوچھا۔۔۔۔"

باجی میں شمائلہ بڑی میڈیم نے سوٹ بھیجا ہے آپ کیلیے "۔۔۔!!!!!وہ اسے بتانے لگی میرال نے " دروازہ کھولا تو وہ ہاتھ میں پنک کلر کا سوٹ لیے کھڑی تھی میرال نے تھاما اور وہ چلی گئی میرال نے دروازہ بند کر دیا دارم اپنے آفس کی کچھ فائلز دیکھنے میں مصروف تھا۔۔۔۔۔۔

میرال کپڑے چینج کر آئی مگر اس سے ڈوڑی نہیں بندھ رہی تھی وہ جوڑے کیے شیشے کے سامنے آکر کھڑی ہو کر جلدی جلدی میک ایپ کرنے لگی اسکے بعد میرال نے ڈوڑی کی طرف ہاتھ بڑھایا مگر اس سے بندھی نہیں جا رہی تھی دارم کی نظر اس پر گئی وہ جو ڈوڑی باندھنے کی ناکام کوشش میں لگی ہوئی تھی میرال منہ بنائے ڈوڑی باندھنے کی کوشش کر رہی تھی دارم اٹھا اور اسکی طرف بڑھا اور اسکا رخ اپنی طرف کیا میرال ہڑبڑا کر رہ گئی وہ اسے بت کی طرح پھٹی ہوئی آنکھوں سے دیکھنے لگی دارم نے ڈوڑی تھامی اور اس کو ایک بل دیا ان دونوں کے بیچ جو ایک انچ کا فاصلہ تھا وہ بھی ختم ہو گیا میرال کی سانسیں رکنے لگی دارم کے اندر سے آتی خوشبو اس ننھی سی جان کو بے بس بنا رہی تھی اور وہ کچھ کرنے کی حالت میں بلکل نہیں رہی تھی دارم نے اس کی ڈوڑی باندھی اور کچھ کہے بغیر اسکے ماتھے پر

اپنے پیار کی مہر چھوڑتا پیچھے ہو گیا میرال کچھ دیر یوں ہی کھڑی رہی اپنی سانسوں کو ترتیب میں لائی اور ڈوپٹہ اچھے سے کرتی وہ شیشے میں خود کو دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

تم ہمیشہ کی طرح بہت حسین لگ رہی ہو خدا نے تمہیں بڑی فرصت سے بنایا چلیں "۔۔۔!!!!!وہ" اسکے پیچھے کھڑا ہو کر اسکا عکس شیشے سے دیکھ کر محبت سے کہنے لگا میرال نظریں جھکا گئی اور ہلکا سا سر ہلایا۔۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں زینے اتر کر نیچے آ رہی تھے سب کی نظریں ان دونوں پر گئے میرال گلابی کام والے فراک میں بالوں کی سائیڈ جوڑی کی شکل میں قید کیے بلکہ لائٹ سے میک ایپ کانوں میں جھمکے پہنے وہ بہت زیادہ پیاری لگ رہی تھی دارم بلیک شلوار قمیض میں بالوں کو اچھے سے سیٹ کیے بڑھی ہوئی بیئرڈ میں ہاتھوں میں گھڑی پہنے مغرور چال چلتا وہ بہت زیادہ ہینڈسم اور وجیح لگ رہا تھا انہیں ساتھ دیکھ کر وہ بہت زیادہ والا خوش ہوئے بہت زیادہ وہ دونوں ساتھ ساتھ بیٹھے سب کو گڈ مارننگ کہا سب نے جواب دیا۔۔۔۔۔

بھائی واہ آج تو کچھ لوگوں کے چہرے سے مسکراہٹیں نہیں جا رہی ہیں صحیح ہے بچپن کی محبت مل گئی" اور کیا چاہیے"۔۔۔۔!!!!!جاذب دارم کو دیکھتے ہوئے شوخیہ لہجے میں کہنے لگا۔۔۔۔۔

فضول مت بولو"۔۔۔!!!!!وہ سرد لہجے میں مختصر سا کہنے لگا جس پر وہ خاموش ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔"

تم دونوں کیلیے کچھ ہے شادی کا گفٹ"۔۔۔!!!!انصر مرزا کہنے لگے تو دارم اور میرال نے انکی" طرف دیکھا وہ بھی اسے دیکھنے لگے۔۔۔۔۔

یہ لو"۔۔۔۔!!!!!ایک لفافہ انہوں نے ان دونوں کی طرف بڑھایا جو دارم نے تھاما اس نے کھولی تو" سوئٹزرلینڈ کی ٹکٹس تھی۔۔۔۔

شکریہ ڈیڈ"۔۔۔!!!!!میرال ہلکا سا مسکرا کر کہنے لگی۔۔۔۔۔"

تھینکس چاچو"۔۔۔!!!!!دارم نے بھی ہلکا سا مسکرا کر کہا تو انصر صاحب بھی مسکرائے اور پھر سب"
لوگ ناشتہ کرنے لگ گئے۔۔۔۔۔

_____

آپی سب ٹھیک تھا نا دارم بھائی غصہ تو نہیں ہوئے نا"۔۔۔!!!!!مروہ اسکے پاس آکر پوچھنے لگی وہ"
جو اپنے پرانے کمرے میں خاموش بیٹھی تھی۔۔۔۔

سب ٹھیک ہے اللہ کا شکر ہے"۔۔۔۔!!!!!وہ ہلکا سا مسکرا کر کہنے لگی مروہ نے اسے گلے سے"
لگایا۔۔۔۔

!!!!!!میں نے کہا تھا وہ آپ کیلیے کچھ بھی کر سکتے ہیں بہت چاہتے ہیں آپ خوامخواہ ڈر رہی تھی"۔۔۔"
مروہ بتانے لگی۔۔۔

ہمم"۔۔۔۔!!!!!میرال بس اثبات میں سر ہلا گئی۔۔۔۔۔"

!!!!!میرال میک ایپ وغیرہ ڈریس اٹھا کر نیچے آجاؤ پارلر جانا ہے نا تم نے جلدی سے"۔۔۔۔"
صدف بیگم آکر کہنے لگی۔۔۔۔

جی آئی"۔۔۔!!!!وہ جواب دیتے ساتھ اٹھی اور چل دی۔۔۔۔"

وہ سفید رنگ کی میکسی میں بالوں کو جوڑے میں قید کیے ہم رنگ ڈوپٹہ کیے لائٹ سے میک ایپ میں ہونٹوں پر پنک لپسٹک لگائے کانوں میں بھاری جھمکے پہنے گلے کو ہار کی زینت بنائی ماتھا پر بندھی لگائے پیروں پر ہیلز چڑھائے وہ اس وقت بلکل کسی گڑیا کی طرح لگ رہی تھی بہت زیادہ حسین لگ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

دارم گرے پینٹ کورٹ میں ملبوس بالوں کو اچھے سے سیٹ کیے پیروں پر بوٹس چڑھائے ہاتھوں میں برینڈڈ گھڑی پہنے برینڈڈ پرفیوم لگائے وہ اس وقت بہت زیادہ خوبصورت اور بہت سی لڑکیوں کی آنکھوں کا مرکز بنا ہوا تھا۔۔۔۔۔

میرال اور وہ دونوں ساتھ کھڑے تھے دارم نے اپنا بازو آگے بڑھایا جو میرال نے تھوڑا گھبرا کر پکڑ لیا دونوں آہستہ آہستہ زینے اتر کر نیچے آئی وہاں موجود سب لوگ انہیں ستائشی نظروں سے دیکھ رہے تھے لگ ہی ساتھ اتنے کمال رہے تھے۔۔۔۔۔

وہ دونوں نیچے آئے اور فلور کے بیچ میں ہو گئی سپاٹ لائٹ آن دونوں پر پڑی اور ساتھ ہی گانا شروع ہوا۔۔۔۔

دل کا دریا بہ ہی گیا عشق عبادت بن ہی گیا خود کو مجھے تو سونپ دے میری ضرورت تو بن گیا بات"
دل کی نظروں نے کی سچ کہ رہا تیری قسم

تیرے بن اب نہ لیں گے اک بھی دم تجھے کتنا چاہنے لگے ہم تیرے ساتھ ہو جائیں گے ختم تجھے کتنا چاہنے لگے ہم۔۔۔

دارم میرال کی کمر پر مضبوط گرفت بنائی اسے اپنے ساتھ لگائی ڈانس کرنے لگا اسکی گرم گرم سانسیں اوراس میں سے آتی پرفیوم کی خوشبو میرال کو عجیب کیفیت میں مبتلا کررہی تھی وہ بہت زیادہ بے بس ہورہی تھی۔۔۔۔

کس جگہ آگئی چاہتیں اب میری چھین لوں گا تمہیں ساری دنیا سے بھی تیرے عشق پہ ہاں حق میرا ہی تو ہے کہ دیا ہے میں نے میرے رب سے بھی جس راستے تو نہ ملے اس پر نہ ہو میرے قدم۔

تیرے ساتھ ہوجائیں گے ختم تجھے کتنا چاہنے لگے ہم تیرے بن اب نہ لیں گے اک بھی دم تجھے کتنا چاہنے لگے ہم "۔۔۔۔۔

دارم نے میرال کے ماتھے پر سب کے سامنے اپنے ہونٹوں کا لمس محسوس کروایا کچھ خوشی سے دیکھ رہے کچھ جلن بھری نظروں سے دیکھ رہے اور سب نے تالیاں بجائیں دارم اسکا ہاتھ تھامے اسٹیج کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔۔

_____

ولیمہ ختم ہوچکا تھا میرال تھک ہار کر کمرے میں آ گئی تھی وہ ڈریسنگ کے سامنے کھڑی جیولری اتارنے لگی تھی تبھی دارم کمرے میں داخل ہوا اس نے میرال کو پیچھے سے حصار میں لیا میرال کے چلتے ہاتھ رکے اسکی ریڑھ کی ہڈی میں اک سنسناہٹ سی دوڑی اور بلکل اسٹل ہو گئی دارم اسکا عکس شیشے سے دیکھنے لگا اور پھر اسکا ڈوپٹہ ہٹا کر اسکی گردن پر پوری شدت سے لب رکھے میرال کانپ کر رہ گئی اس نے زور سے آنکھیں میچ لیں دارم نے اسکے جھمکے اتار کر ڈریسنگ پر رکھے اسکا نیکلیس اتار کر ڈریسنگ پر رکھا اسکے بالوں کو جوڑے سے آزاد کیا اور چہرہ اپنی طرف کر کے اسکے چہرے پر ہاتھ رکھے اسے دیکھنے لگا وہ آنکھیں بند کیے بامشکل زمین پر کھڑی تھی دل نے بہت سی بیٹ مس کی تھی دارم اسکی خوشبو میں کھو سا گیا تھا اور میرال بے جان بنی کھڑی تھی تبھی دروازے پر دستک ہوئی دارم کا اچھا خاصا موڈ بگڑ گیا۔۔۔۔۔

ہو"۔۔۔!!!!!!!وہ غصے سے سرد لہجے میں پوچھنے لگا۔۔۔۔"

سر میڈیم نے میرال میڈیم کیلیے کھانا بھیجا ہے انہوں نے نہیں کھایا تھا"۔۔۔!!!!!میڈ بتانے لگی"
دارم میرال سے الگ ہو کر دروازے کی طرف بڑھا اور میرال نے سانس لیا۔۔۔۔۔۔

دارم ڈش تھامے واپس آیا اور بیڈ پر رکھی اور اسے بیڈ پر آنے کا کہا۔۔۔۔

چچ۔۔چیک۔۔کرلوں"۔۔۔۔!!!!!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے با مشکل پوچھنے لگی۔۔۔۔"

ہمم"۔۔۔۔!!!!!دارم اثبات میں سر ہلا گیا اور میرال باتھروم کی طرف بڑھ گئی۔۔۔۔۔"

کچھ دیر بعد میرال شلوار قمیض میں موجود ڈوپٹہ۔کیے کھلے بالوں میں باہر آئی دارم نے اسے دیکھا اور بیڈ آنے کا اشارہ کیا میرال چھوٹے چھوٹے قدم اٹھائے بال کانوں کے پیچھے دیے دارم کے بلکل سامنے آئی۔۔۔۔

کھاؤ"۔۔۔۔!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگا میرال اثبات میں سر ہلا کر کھانے لگ"
گئی۔۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر بعد میرال نے کھانا کھالیا اور پھر ڈش اٹھا کر نیچے کی طرف جانے لگی۔۔۔۔۔۔

بیٹھو تم میں دے آتا ہوں"۔۔۔۔!!!!!دارم میرال کے ہاتھ سے لے کر کمرے سے باہر کی طرف" بڑھ گیا میرال اسے جاتا دیکھنے لگی دارم نے میڈ کو ڈش تھمائی اور کمرے میں آگیا وہ کمرے میں بیڈ پر بیٹھی تھی۔۔۔۔۔۔

سوئٹزرلینڈ گھومنے کا بہت شوق تھا"۔۔۔!!!!!دارم اسکے ساتھ آکر بیٹھا اسکا ہاتھ تھامے نظریں اس پر" جمائے پوچھنے لگا میرال نظریں جھکائے ہلکا سا ہاں میں سر ہلا گئی۔۔۔۔۔۔

پڑسوجا رہے ہیں ہم تم خوش ہو"۔۔۔۔!!!!!وہ اس سے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔۔"

پپ۔۔پتہ۔۔۔نہیں"۔۔۔۔!!!!وہ بہت ڈرے ڈرے لہجے میں کہنے لگی۔۔۔۔۔۔"

پوری دنیا پر یقین ہے ایک دفعہ مجھ پر بھی یقین کر کے دیکھو یقین کرو تمہارا یقین کبھی نہیں توڑوں "
گا"۔۔۔!!!!!!وہ اسے قریب کیا محبت سے کہنے لگا۔۔۔۔۔۔

ی۔۔۔یقین ہے آپ۔۔۔پر"۔۔۔۔!!!!!میرال با مشکل یہ لفظ کہنے لگی دارم"
مسکرایا۔۔۔۔۔۔۔

یہ یقین کبھی نہیں ٹوٹے گا"۔۔۔!!!!دارم اسے دیکھتے ہوئے بولا میرال ہلکا سا مسکرائی۔۔۔۔۔۔"

_____

کتنی لکی ہے نا میرال بیٹھے بٹھائے اتنا ہینڈسم خوبصورت لڑکا مل گیا"۔۔!!!!!رمشہ مروہ کو دیکھ کر کہنے"
لگی۔۔۔۔۔۔

ہاں واقع یار"۔۔۔!!!!!!مروہ بھی مسکرا کر کہنے لگی۔۔۔۔۔۔۔"

کاش دارم مرزا میرے نصیب میں لکھا ہوتا مجھے بلکل اس جیسا لڑکا چاہیے"۔۔۔۔!!!!وہ حسرت" سے کہنے لگی۔۔۔۔

وہ تو بہت پہلے سے باجی کے نصیب میں لکھ دیے گئے تھے تمہارے لیے اللہ کرے بلکل ایسا ہی" لڑکا ہو"۔۔۔۔۔!!!!مروہ اسے کہنے لگی جس پر رمشہ نے اسے دیکھا۔۔۔۔۔

ویسا کوئی نہیں ہوسکتا"۔۔۔!!!!!وہ افسردہ سی کہنے لگی مروہ خاموش ہوگئی۔۔۔۔۔۔"

صبح میرال کی آنکھ کھلی تو خود کا سر دارم کے کندھے پر رکھے پایا میرال کے چہرے ایک سکون تھا جو دارم کے پاس رہنے سے تھا۔۔۔۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

عادت ڈال رہے ہیں دارم مرزا آپ۔مجھے اپنی"۔۔۔۔!!!!میرال اسکے چہرے پر نظریں جمائے" کہنے لگی جس پر دارم کے چہرے پر مسکراہٹ آئی اور اس نے میرال کی کمر پر ہاتھ ڈال کر اسے اپنے پر گرایا۔۔۔۔۔

تو دل جانے دو نا"۔۔۔!!!!وہ آنکھوں میں شرارت لیے بولا میرال کی سانس رک سی گئی۔۔۔۔۔"

ن۔۔ناشتہ۔۔۔۔سب انتظار"۔۔۔۔!!!!!!وہ ٹوٹے پھوٹے لفظ ادا کرنے لگی جس پر دارم اسکے" گال پر لب رکھ کر پیچھے ہو گیا اور میرال فوراً اٹھ کر بھاگ گئی۔۔۔۔۔

معصوم ہے میری ہنی"۔۔۔!!!!!!!وہ اسے محبت بھری نظروں سے جاتا دیکھتے ہوئے کہنے لگا,"

۔۔۔۔۔۔۔

وہ سب ناشتے کی میز پر بیٹھے تھے دارم اور میرال ساتھ بیٹھے تھے دارم میرال کو یک ٹک دیکھنے میں مصروف تھا اور میرال شرمندہ سی نظریں جھکائے بیٹھی تھی رمشہ ان دونوں کو حسرت بھری نظروں ست دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

دارم آپ ناشتہ نہیں کر رہے آپ صرف میرال کو ہی دیکھی جا رہے ہیں"۔۔۔!!!!!!رمشہ اسے" دیکھتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔

آہنی پرابلم"۔۔۔۔!!!!!وہ سرد لہجے میں غصے سے دیکھتے ہوئے کہنے لگا رمشہ نفی میں سر ہلا گئی دارم" دوبارہ سے میرال کو دیکھنے لگ گیا رمشہ کو حد سے زیادہ غصے آیا دارم نے سب کے سامنے اسے بے عزت کیا تھا۔۔۔۔۔۔

اس بے عزتی کا بدلہ تو میں تم سے بہت اچھے سے لوں گی دارم مرزا"۔۔۔۔!!!!!وہ اسے زہریلی" نظروں سے گھورے دل میں کہنے لگی۔۔۔۔۔۔۔

تیاری کرلی پھر میری بچی نے سوئٹزرلینڈ جانے کی "۔۔۔!!!!!!ریحان مرزا محبت سے پوچھنے لگی"
۔۔۔۔۔۔

جی تائیا"۔۔۔!!!!!!وہ مسکراتے ہوئے بتانے لگی اور وہی رمشہ کے چہرے پر شاطر مسکراہٹ"
آئی۔۔۔۔۔

وہ کمرے میں ڈریسنگ کے سامنے کھڑی بالوں کو برش سے سلجھانے میں مصروف تھی تبھی دارم کمرے میں داخل ہوا اس کی نظر میرال پر گئی جو مرر کے سامنے کھڑی بال سلجھا رہی تھی وہ اسکے پیچھے گیا دارم اسکے ہاتھوں سے برش لے کر اسکے بال سلجھانے میں لگ گیا میرال خاموش کھڑی تھی۔۔۔۔۔

میری ہنی نے تیاری کرلی صبح کی"۔۔۔؟؟؟؟ وہ اسکے بالوں کو پونی میں قید کیے پوچھنے لگا۔۔۔۔"

ج۔۔جی"۔۔۔!!!!!!وہ رک رک کر جواب دینے لگی۔۔۔۔۔"

یہ دن تمہارے لیے بہت خاص ہوں گے مسز دارم مرزا"۔۔۔!!!!!!!وہ گھمبیر آواز میں اسکے کان"
کے قریب ہو کر کہنے لگا میرال نظریں جھکا گئی دارم نے برش ڈریسنگ پر رکھا اور میرال کو باہوں میں
اٹھا گیا میرال کی سانس رک سی گئی وہ نظریں یوں ہی جھکائے لال چہرے کیساتھ اسکی باہوں میں موجود
تھی دارم بیڈ کی طرف بڑھنے لگا۔۔۔۔۔

م۔۔میں خود۔۔چل۔۔لوں گی"۔۔۔!!!!!!!وہ اسے دیکھے بغیر بہت مشکل سے کہنے لگی دارم نے"
گھور کر اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔۔۔

میرے ہاتھوں میں کانٹے لگے ہیں"۔۔۔۔!!!!!وہ تپ کر کہنے لگا جس پر میرال خاموش ہو گئی دارم"
نے اسے بیڈ پر لٹایا اور اسکے ہمراہ آ کر لیٹ گیا۔۔۔۔۔

دارم اور میرال جانے کیلیے تیار تھے میرال فراک جینز اور سر پر حجاب کیے سب سے مل رہی تھی وہ کورٹ اور پینٹ پر ملبوس بالوں کو اچھے سے سیٹ کیے ہاتھوں میں بریںڈڈ گھڑی پہنے کھڑا تھا۔۔۔۔۔

خیال رکھنا میری بیٹی کا"۔۔۔!!!!!صدف بیگم کہنے لگی جس پر دارم نے اثبات میں سر ہلا دیا۔۔۔۔۔

انجوائے کیجیے گا بہت سارا"۔۔۔!!!!!!مروہ خوشی سے کہنے لگی جس پر میرال مسکرائی۔۔۔۔۔۔"

وہ کرلیں گے تمہیں ضرورت نہیں ہے بتانے کی"۔۔۔!!!!!!جاذب بیچ میں مداخلت کرتے ہوئے کہنے لگا۔۔۔۔۔

آپ سے بات کی ہے میں نے"۔۔۔۔!!!!!مروہ منہ بنائے بولی سب ہنسنے لگ گئے دونوں کی آج تک نہیں بن سکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں گراج میں آئے ڈرائیور پہلے سے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالے بیٹھا تھا گارڈز نے گاڑی میں سمان رکھا میرال اور دارم پیچھے بیٹھے تھے اور ڈرائیور نے گاڑی سڑک پر دوہرا دی۔۔۔۔۔۔

_____

وہ دونوں گاڑی میں بیٹھے تھے میرال بہت زیادہ گھبرائی ہوئی تھی چہرے کا رنگ زرد پڑ گیا تھا دارم کی نظر اس پر گئی تو پریشانی نے آگھیرا۔۔۔۔۔

میرال آر یو اوکے "۔۔۔؟؟؟؟؟ وہ اسے دیکھتے ہوئے اپنی طرف متوجہ کر کے پوچھنے لگا میرال " نے با مشکل گردن ہاں میں ہلائی مگر آنکھوں میں نمی تھی۔۔۔۔۔۔

رو کیوں رہی ہو "۔۔۔!!!!!!وہ اسکے چہرے پر ہاتھ رکھے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔"

ڈ۔۔ڈر لگ۔۔رہا "۔۔۔۔!!!!!وہ رک رک کر بتانے لگی۔۔۔۔۔"

ڈرنے کی کیا بات ہے میں ساتھ ہوں تمہیں کچھ نہیں ہوگا"۔۔۔!!!!!!وہ اسے سینے سے لگائے کہنے"
لگا میرال اسکے سینے میں چھپا گئی اور دارم اسے خود میں بھیج گیا۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں اب ائیر پورٹ موجود تھے دارم میرال کا ہاتھ تھامے فلائٹ کی طرف بڑھا اور جہاز میں بیٹھ
گئے دارم نے میرال کا ہاتھ نہیں چھوڑا۔۔۔۔۔۔۔

اللہ تعالیٰ پلیززز کچھ نہ ہو"۔۔۔!!!!!!وہ اسکا ہاتھ مضبوطی سے پکڑے آنکھیں بند کیے جہاز کے"
اڑنے سے ڈرتے ہوئے بولی دارم نے اسکی طرف دیکھا اور چہرے پر مسکراہٹ آئی کیونکہ وہ اس
وقت بلکل معصوم بچی لگ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

کچھ نہیں ہوگا ہنی"۔۔۔۔!!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے بتانے لگا۔۔۔۔"

آپ تو آتے رہتے ہیں میں پہلی دفعہ بیٹھ رہی ہوں مجھے ڈر لگ رہا ہے"۔۔۔۔!!!!!!وہ اسے دیکھے"
بغیر آنکھیں بند کیے کہنے لگی دارم اسکی بات پر مسکرایا اور نظریں اسی پر مرکوز کرلیں جب جہاز ہوا میں آ

گیا تو میرال کو سانس آئی اور اس نے اپنی آنکھیں کھول کر دارم کی طرف دیکھا جو اسے محبت پار نظروں سے دیکھ رہا تھا میرال نظریں جھکا گئی۔۔۔۔۔۔

مروہ کچن میں کھڑی اپنی چائے بنا رہی تھی تبھی جاذب آیا مروہ نے اسے دیکھا۔۔۔۔۔

کچھ چاہیے"۔۔۔؟؟؟؟ مروہ اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگی۔۔۔۔۔۔"

میں نے مانگا ہے"۔۔۔!!!!!!جاذب منہ بنا کر کہنے لگا۔۔۔۔۔۔"

انسان کسی بات کا سیدھا جواب بھی دے دیتا ہے"۔۔۔۔!!!!!مروہ اسے منہ بنا کر کہنے لگی۔۔۔۔۔

!!!!!مروہ انصر مرزا جاذب ریحان مرزا کو کچھ نہیں چاہیے سوائے پانی کے اب ٹھیک ہے"۔۔۔۔۔"
وہ اسے کہتے ساتھ فرج سے پانی کی بوتل نکال کر منہ لگانے لگا۔۔۔۔۔

ایک منٹٹٹ"۔۔۔۔۔۔مروہ چلائی جاذب کے بڑھتے ہاتھ رکے۔۔۔۔۔"

اس میں ڈال کر پینے کیلیے ہوتا ہے طریقہ ہی نہیں ہے کسی چیز کا"۔۔۔۔!!!!!وہ شیلف پر گلاس"
رکھے منہ بنا کر بتانے لگی جاذب نے شیلف کو دیکھا اور پھر مروہ کو جو کپ میں چائے انڈیل رہی تھی
اس نے گلاس میں پانی ڈالا اور بوتل بند کر کے فرج میں رکھتا گلاس تھامتا چلا گیا۔۔۔۔۔

افففف سر درد"۔۔۔۔!!!!!وہ سر پر ہاتھ رکھے کہتے ساتھ چلی گئی۔۔۔۔۔"

وہ دونوں جہاز میں بیٹھے تھے میرال گہری نیند دارم کے کندھے پر سر رکھے سونے میں مصروف تھی اور دارم مرزاا پنے عشق اپنی ہنی کو یک ٹک دیکھنے میں مصروف تھا میرال کے چہرے پر بال آئے دارم نے اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کی مدد سے کان کے پیچھے کیے۔۔۔۔۔

کچھ دیر میں وہ دونوں ائیر پورٹ میں موجود تھے میرال آدھی نیند میں دارم کیساتھ لگی کھڑی تھی وہ جب دارم کیساتھ کھڑی ہوتی تھی تو کندھے سے بھی نیچے آتی تھی دارم اسے دیکھ کر مسکرایا تبھی ایک سیاہ رنگ کی گاڑی دارم کے سامنے رکی دارن ڈرائیور کو پہچانتے فوراً گاڑی میں بیٹھ گیا اور میرال کو بھی ساتھ بٹھایا اور ڈرائیور نے سمان گاڑی میں رکھا اور ڈرائیونگ سیٹ سنبھال کر بیٹھتے ساتھ چلا دی۔۔۔۔۔۔

میرال گہری نیند سوئے یہ راستہ بھی طے کر رہی تھی تبھی گاڑی ایک خوبصورت بنگلے کے باہر رکی ڈرائیور نے دارم کیلیے گاڑی کا دروازہ کھولا دارم گاڑی سے اترا میرال کو ایسے ہی نیند میں باہوں میں بھرا اور اندر بنگلے کی طرف بڑھ گیا وہ بلکل سوتے ہوئے معصوم بچی لگ رہی تھی اور دارم کی گود میں وہ واقع ایک بچی ہی لگ رہی تھی وہ دونوں گھر میں داخل ہوئے گھر بہت بہت زیادہ خوبصورت تھا ہر چیز وہاں کمال کی تھی دارم زینے چڑھتا جو زگ زیگ شیپ میں تھے عبور کرتا کمرے کی طرف بڑھا کمرا حد

سے زیادہ بڑا تھا بیچ میں بلیک بیڈ پر لگائے جو گول تھا اس پر اس نے میرال کو لٹایا اسکے ماتھے پر لب رکھ کر وہ کمرے کی لائٹس آف کرتا دروازہ لاک کرتا نیچے کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔۔

میرال اپنی نیند پوری کر کے جب اٹھی تو کسی کمرے میں موجود تھی میرال ایکدم گھبرا گئی اور کمرے پر نظریں گھمانے لگی۔۔۔۔

کک۔۔کہاں ہوں۔۔۔میں"۔۔۔۔!!!!!وہ چہرے پر خوفزدہ تاثرات لیے بولی کمرے میں اندھیرا" تھا اسکا ڈر میں مزید اضافہ ہو رہا تھا۔۔۔۔۔

میں۔۔تو دارم۔۔۔دار ممسم"۔۔۔!!!!وہ کہتے ساتھ چلائی آنکھوں میں پانی اگیا میرال بیڈ سے اٹھی" اور کمرے کا دروازہ کھول کر باہر آئی وہ ارد گرد دیکھنے لگی یہ بلکل کسی گھر کی طرح اسے لگا میرال کی

نظریں زینوں پر گئی وہ فوراً اس طرف بھاگی وہ زینے اتر کر نیچے کی طرف آئی تو دارم کہیں نہیں تھا۔۔۔۔۔

دارممممم"۔۔۔!!!!!وہ اونچا چلانے لگی۔۔۔۔۔۔۔"

میرال"۔۔۔۔!!!!!دارم نے اسے پکارا اور وہ فوراً مڑ کر اسے دیکھنے لگی اسے دیکھتے ہی میرال کا" خوف تھوڑا کم ہوا اور وہ بھاگ کر اسکے سینے سے جا لگی۔۔۔۔۔

!!!!!کتنا ڈر گئی تھی میں اندھیرے میں چھوڑ آئے تھے مجھے مجھے ڈر لگتا ہے اندھیرے سے"۔۔۔۔" وہ اسکے سینے سے لگی روتے ہوئے کہنے لگی اور دارم کے ذہن میں یہ بات آئی میرال کو تو اندھیرے کے بغیر نیند ہی نہیں آتی تھی اور وہ یہ سب کیا بولتی چلی جا رہی تھی اچانک اسکا دھیان میرال کی طرف گیا جو زور زور سے رو رہی تھی۔۔۔۔۔

اچھا بس چپ میں یہی تھا نیچے تم سوئی ہوئی تھی اس لیے اوپر نہیں آیا"۔۔۔!!!!وہ اسکے گرد حصار بنائے پیار سے کہنے لگا میرال نے اسکی طرف دیکھا اور جھٹکے سے پیچھے ہوئی۔۔۔۔۔

و۔۔وہ میں۔۔ڈر۔۔گئی تھی اس لیے"۔۔۔!!!!!!میرال دو قدم پیچھے ہوئے نظروں کا تعاقب دوسری جانب کیے اسے کہنے لگی۔۔۔۔۔۔۔

مجھے معلوم ہے تم بیٹھو یہاں"۔۔۔۔!!!!!دارم اسے صوفے پر بیٹھنے کا اشارہ کرنے لگا میرال خاموشی سے صوفے پر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔

پیو"۔۔۔!!!!دارم اسکے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھ کر پانی کا گلاس تھامے کہنے لگا میرال گلاس تھامے پینے لگی۔۔۔۔

اب ٹھیک ہو"۔۔۔؟؟؟؟ دارم اسکے ہاتھ سے گلاس لے کر اسکے آنسو ٹشو پیپر سے صاف کیے محبت سے پوچھنے لگا میرال بلکل بچوں کی طرح اثبات میں سر ہلا گئی۔۔۔۔۔

جاؤ فریش ہو جاؤ"۔۔۔!!!!!!وہ اسے بولا جس پر وہ اٹھ کر اوپر کی طرف بڑھ گئی۔۔۔۔۔۔"

وہ فریش ہو کر آئی سفید رنگ کے ڈریس میں ڈوپٹہ پھیلائے وہ زینے اتر کر نیچے آئی دارم کی نظر اس پر" گئی۔۔۔۔۔

بیٹھو"۔۔۔!!!!!وہ اسے ڈائننگ پر بیٹھنے کا کہنے لگا میرال خاموشی سے بیٹھ گئی دارم نے اسکے سامنے" کھانا رکھا میرال حیرت میں مبتلا تھی۔۔۔۔۔

یہ سب کس نے"۔۔۔؟؟؟؟ وہ حیران نظروں سے دیکھتے ہوئے سوال کرنے لگی۔۔۔۔"

تمہارے اکلوتے شوہر دارم مرزا نے کیا صرف اپنی ہنی کیلیے"۔۔۔!!!!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے" بہت محبت سے کہنے لگا جس پر میرال ناچاہتے ہوئے بھی ہلکا سا مسکرائی۔۔۔۔۔

کیا کھاؤ گی"۔۔؟؟؟؟؟ دارم اسکے بال ٹھیک کرتے ہوئے محبت سے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔"

رائس"۔۔۔!!!!وہ نظریں جھکائے مسکرا کر بتانے لگی دارم نے اسے پلیٹ میں ڈال دیے اور پھر" اپنے لیے بھی ڈالا دونوں نے مل کر کھانا کھایا اور پھر وہ دونوں کمرے کی طرف بڑھ گئے میڈ نے برتن وغیرہ اٹھا لیے۔۔۔۔۔۔

_____

کافی پیو گی"۔۔۔؟؟؟؟؟؟ وہ دونوں ٹیرس پر کھڑے سامنے کا خوبصورت نظارہ دیکھنے میں مگن تھے" دارم نے پوچھا۔۔۔۔۔

ج۔۔جی میں بنا آتی ہوں"۔۔۔!!!!وہ اسے کہنے لگی دارم نے اسے دیکھا۔۔۔۔۔"

تم بناؤ میں ذرا کپڑے چینج کرلوں "۔۔۔!!!!وہ اسے کہتے کمرے کی طرف آگیا میرال بھی کمرے میں" آکر کمرے سے باہر کی طرف بڑھ گئی۔۔۔۔۔

وہ کافی بنا رہی تھی مگر ذہن اور دل میں صرف ایک ہی انسان چل رہا تھا دارم مرزا۔۔۔۔۔

کتنے اچھے ہیں نا شادی کے بعد تو غصہ بھی نہیں کرتے اب "۔۔۔!!!!میرال مسکراتے ہوئے کہتے" ساتھ کافی دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

تبھی میرال کو اپنے پیٹ پر کسی چیز کا لمس محسوس ہوا اسکی جان پر بن گئی وہ مڑی تو دارم کو دیکھ میرال کی سانسیں تھم سی گئی وہ اسے اپنے بلکل ساتھ لگائے اسے مسکرا کر دیکھ رہا تھا دارم کی گرم گرم سانسیں خود پر پڑتی میرال بے بسی سے آنکھیں میچ گئی اور اسکے اس اظہار پر وہ سیدھا دارم مرزا کے دل میں اتر رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

میرا دل کچھ کرنے کو کر رہا ہے "۔۔۔!!!!دارم اسکے کان میں گھمبیر آواز میں کہنے لگا۔۔۔۔"

کک۔۔کیا"۔۔۔؟؟؟؟ میرال بامشکل پوچھنے لگی۔۔۔۔۔"

رومینس"۔۔۔!!!!وہ شوخیہ لہجے میں کہتے ساتھ گال پر رکھ گیا اور میرال کو اپنے پیروں پر کھڑا ہونا بھی" مشکل لگا ایک تو اسکی سانسیں اوپر سے اتنے قریب اور اس میں سے آتی خوشبو میرال کو بہت بے بس کر رہی تھی۔۔۔۔۔۔

کا۔۔فی"۔۔!!!!میرال بامشکل یہ ایک لفظ بھی بول پائی دارم نے گرفت ڈھیلی کی اور جانے" لگا۔۔۔۔

روم میں ویٹ کروں گا"۔۔۔!!!!وہ اسکے قریب ہو کر کہتے ساتھ چلا گیا میرال نے اپنی بڑھتی ہوئی" ہارٹ بیٹ کو نارمل کیا اور کہا میں کافی ڈالنے لگی۔۔۔۔۔

_____

وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھا کر کمرے میں آئی وہ بیڈ پر بیٹھا تھا میرال نے ڈش اسکے سامنے رکھی دارم نے ایک کپ ہاتھ میں پکڑلیا میرال نے بھی ایک تھام لیا اور ڈش سائیڈ ٹیبل پر رکھ دی اور دارم کے سامنے آئی۔۔۔۔۔

ادھر آؤ"۔۔۔۔۔!!!!وہ اسے اپنے ساتھ آنے کا اشارہ کرنے لگا۔۔۔۔۔۔"

یہی ٹھیک ہوں"۔۔۔!!!!!میرال نے نظریں دوسری طرف کیے جواب دیا۔۔۔۔۔۔"

میں نے کچھ کہا ہے"۔۔۔!!!!دارم لہجے میں سختی لیے پھر سے بولا میرال نے اسے دیکھا جس کے" چہرے انتہا کے سخت تاثرات تھے وہ اٹھی اور اسکے ساتھ آکر بیٹھی دارم کے چہرے پر دلفریب مسکراہٹ آئی اور اسکے کندھے پر اپنا بازو ٹکایا۔۔۔۔۔۔

ضدی تو پھر انتہا کا ہوں"۔۔۔!!!!وہ ڈھٹائی سے بولا"

میرال اسے دیکھنے لگی دارم مسکرایا اور اس پر جھکنے لگا میرال چہرہ پیچھے کر گئی۔۔۔۔۔

_____

وہ سب لوگ رات کا کھانا کھا رہے تھے۔۔۔۔

ارے میرے بچوں سے تو پوچھو وہ لوگ خیریت سے پہنچ گئے ہیں"۔۔۔!!!!!ریحان مرزا کہنے لگے۔۔۔۔۔

جی بھائی صاحب میری دارم سے بات ہوگئی ہے"۔۔۔!!!!!!انصر مرزا فوراً کہنے لگے۔۔۔۔۔۔"

اچھا"۔۔۔!!!!ریحان مرزا نے بولا تو سب کھانا کھانے لگ گئے۔۔۔۔۔۔"

جاذب سیلڈ ڈش دینا"۔۔۔!!!!مروہ اسے پکارتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔"

کیوں تمہارے ہاتھ ٹوٹے ہوئے ہیں"۔۔۔!!!!!وہ منہ بنا کر اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔"

ہاتھ تو بلکل نہیں ٹوٹے ہوئے ہیں جاذب ریحان مرزا میرا ہاتھ وہاں تک نہیں پہنچتا آپ کے پاس پڑا" زحمت نہ ہو تو پکڑا دیں"۔۔۔!!!!!مروہ اسکی باتوں ست اچھا خاصا تپ کر کہنے لگی جاذب کے چہرے پر مسکراہٹ آئی کیونکہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا تھا اس نے اسے پکڑائی مروہ نے منہ بنا کر تھام لی۔۔۔۔۔۔

کافی پینے کے بعد وہ دونوں لیٹ گئے میرال نے اپنا سر دارم کے سینے پر رکھا ہوا تھا اور دارم نے میرال کے گرد بازو حائل کیا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

د۔۔دارم"۔۔۔۔!!!!!!میرال اسے پکارنے لگی۔۔۔۔۔"

ہمم"۔۔۔!!!!دارم کو نیند آرہی تھی۔۔۔۔۔,"

آپ کو نیند آرہی ہے"۔۔۔؟؟؟؟؟ میرال اس سے پوچھنے لگی۔۔۔۔"

ہمم"۔۔۔!!!وہ اثبات میں سر ہلا گیا میرال خاموش ہو گئی۔۔۔۔۔۔"

کیا ہوا ہے"۔۔۔!!!!دارم نے اس سے پوچھا۔۔۔۔۔"

مجھے ڈر لگے گا اگر آپ سو گئے تو"۔۔۔!!!!!وہ اسے معصومیت سے کہنے لگی۔۔۔۔۔"

تو نہ سو"۔۔۔!!!!!وہ پوچھنے لگا میرال نفی میں سر ہلا گئی دارم نے اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔"

اوکے نہیں سوتا جب آپ سوجاؤگی تو میں بھی سوجاؤگا"۔۔۔!!!!!دارم اسکے بالوں پر انگلیاں"
ہجیرے محبت سے کہنے لگا جس پر میرال کے چہرے پر دلفریب مسکراہٹ آئی۔۔۔۔۔۔

وہ میرال سے کافی دیر باتوں میں لگا رہا باتیں کرتے کرتے میرال کی آنکھ لگ گئی دارم نے اسے دیکھا
اور ماتھے پر لب رکھ کر دارم بھی گہری نیند سوگیا۔۔۔۔۔

وہ اپنے کمرے میں بیٹھی دارم کی باتوں کو یاد کررہی تھی۔۔۔۔۔

کچھ دن خوشی کے گزار لو میرال پھر دیکھو رمشہ صلاح الدین کیا کرتی ہے"۔۔۔!!!!!وہ چہرے پر"
شاطرانہ مسکراہٹ سجائے کہنے لگی۔۔۔۔۔

رمشہ آکر پانی دے تیرا باپ آگیا"۔۔۔!!!!!!تبھی رمشہ کی ماں نے اسے آواز دی۔۔۔۔۔۔"

نوکر ہوں میں خود دے دے غریب گھر میں پیدا کر دیا اوپر سے نوکروں کی طرح رکھتے ہیں لیکن شادی تو امید گھر ہی کروں گی"۔۔۔۔!!!!وہ تپ کر کہنے لگی اور چہرے پر مسکراہٹ آئی۔۔۔۔۔

منہوس مرجا"۔۔۔!!!تبھی اسکی ماں کمرے میں آکر اسے تھپڑ مارتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔"

کیا ہے اماں نوکر بنا کر رکھ دیا ہے"۔۔۔!!!!!!!وہ غصے سے کہتے ساتھ اٹھ کر چلی گئی۔۔۔۔۔۔"

ایسی اولاد نہ ہی کرتی میں"۔۔۔!!!!وہ منہ بنا کر کہتے ساتھ چلی گئی۔۔۔۔۔۔"

دارم اور میرال ویسے ہی گہری نیند سو رہے دارم کی آنکھ کھلی تو نظر اپنے بلکل قریب سوئی اس معصوم لڑکی پر پڑی دارم مسکرایا اور اسے دیکھتے ہوئے اسکے اوپر آ گیا میرال نیند میں تھی دارم نے اسے دیکھا اور اسکی گردن پر لب رکھ دیے اپنے جسم میں کسی چیز کا لمس محسوس کر کے میرال کی جان پر بن گئی اس نے آنکھیں کھولی تو دارم اسکے اوپر تھا میرال کی آنکھیں حیرت سے کھل گئی وہ اٹھ سے ہی لگی دارم نے اسکے دونوں ہاتھوں کو مضبوطی سے تھام کر بیڈ سے لگایا اور اسے دیکھ کر مسکرایا اور اسکی گال پر پوری شدت سے ہونٹ رکھ دیے میرال اسکے اس جنونی انداز سے آنکھیں بند کر گئی۔۔۔۔۔۔

ریڈیو ہو جاؤ آج ناشتے کے بعد ہم لوگ باہر جائیں گے "۔۔۔!!!!وہ اس پر سے اٹھ کر اسے بتاتے " ساتھ باتھروم میں چلا گیا۔۔۔۔۔۔

جان لے لیتے یہ میری "۔۔۔!!!!!!وہ اپنے دل پر ہاتھ رکھے بولی اور پھر اٹھ کر بیٹھ گئی۔۔۔۔۔۔"

میں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا دارم مرزا آپ اتنے چھچھوڑے ہوں گے "۔۔۔۔۔!!!!!وہ منہ" بنائے بڑبڑائی اور بالوں کو جوڑے کی شکل میں قید کرنے لگی۔۔۔۔۔۔

میرال اور دارم ناشتہ کر رہے تھے۔۔۔۔۔۔

باہر چلنا ہے"۔۔۔!!!!!وہ ناشتہ کرتے ہوئے اسے بتانے لگا۔۔۔۔۔"

جی"۔۔۔!!!!میرال ہاں میں سر ہلا گئی۔۔۔۔۔"

وہ دونوں ناشتہ کر کے روم کی طرف بڑھ گئے۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں کمرے میں موجود تھے دارم میرال کی وارڈروب دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

ی۔۔یہ پہن لوں"۔۔۔؟؟؟؟ میرال اسے کہنے لگی دارم نے اسکے ہاتھ سے وہ ڈریس لیا۔۔۔۔"

میری پسند کا پہنو گی تم"۔۔۔!!!!!وہ سرد لہجے میں کہنے لگا میرال خاموش ہو گئی اور دارم اسکے ڈریسس دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

یہ"۔۔۔!!!!!وہ مہرون کلر کا شورٹ فراک نکال کر اسکی طرف بڑھانے لگا میرال نے خاموشی سے تھام لیا۔۔۔۔۔

تیار ہو جاؤ میں ویٹ کر رہا"۔۔۔!!!!!!!وہ اسے کہتے ساتھ چلا گیا اور میرال باتھروم کی طرف بڑھ گئی۔۔۔۔۔

میرال مہرون فراک پہنے ساتھ میں بلیک ٹائٹس پہنے بالوں کو کھولے لائٹ سے میک ایپ میں ہونٹوں پر شوکنگ پنک لپسٹک لگائے پیروں پر سینڈیلز چڑھائے وہ بہت زیادہ پیاری لگ رہی تھی اس نے شیشے سے ایک تنقیدی نگاہ خود پر ڈالی اور پھر باہر آ گئی۔۔۔۔۔۔

زینے اتر کر وہ نیچے آئی دارم ٹی وی لاونج میں بیٹھا تھا اسے دیکھ کر اسکی نظریں وہی جم سی گئی میرال نظریں جھکا گئی۔۔۔۔۔۔

بیوٹیفل"۔۔۔!!!!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے محبت سے کہنے لگا اور اسکے قریب آیا۔۔۔۔۔۔"

چلیں"۔۔!!!!!!!اسکا ہاتھ تھامے وہ اسے اپنے لگائے کہتے ساتھ چل دیا۔۔۔۔۔"

کہاں جارہے ہیں ہم"۔۔۔؟؟؟؟ میرال نے اس سے پوچھا۔۔۔۔۔۔"

واک کریں گے کچھ وقت ساتھ گزاریں گے"۔۔۔۔!!!!!وہ اسکے بازو میں بازو ڈالے اسے دیکھتے ہوئے دھیمے لہجے میں کہنے لگا۔۔۔۔۔۔

گھر بھی تو گزار سکتے تھے"۔۔۔۔!!!!!وہ اسے کہنے لگی۔۔۔۔۔"

لیکن تمہارے ساتھ یوں رہنے سے دارم مرزا کو الگ سکون ملتا ہے مسز دارم مرزا"۔۔۔۔!!!!!!وہ" اسکے چہرے کے قریب ہوتے ہوئے کہنے لگا میرال مسکرادی۔۔۔۔۔۔

چلتے چلتے وہ دونوں گھر سے بہت دور آ گئے تھے موسم بھی بہت زیادہ خوبصورت تھا کالے بادل بنے ہوئے تھے۔۔۔۔۔۔

_____

ہائے دارم بھائی اور میرال باجی کتنا انجوائے کر رہے ہوں گے نا"۔۔۔!!!!!مروہ سوچتے ہوئے" کہنے لگی۔۔۔۔۔۔

تو ساتھ چلی جاتی"۔۔۔۔!!!!!جاذب پیچھے سے آتا بولا مروہ مڑ کر دیکھنے لگی۔۔۔۔۔"

مسئلہ کیا ہے آپ کا"۔۔۔!!!!!مروہ کو دو تین دن اس پر بہت غصہ تھا۔۔۔۔۔"

میرا مسئلہ کچھ بھی نہیں بیوی چاہیے اب مجھے بھی"۔۔۔!!!!!!!وہ بڑے ہی آرام سے یہ بات کہنے لگا۔۔۔۔

تو ڈھونڈ کر کرلیں"۔۔۔!!!!!مروہ منہ دوبارہ سے دوسری طرف کرتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔"

اور میں کہوں میں نے ڈھونڈلی ہے تو"۔۔۔۔!!!!!!وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہنے لگا سیاہ آنکھیں براؤن آنکھوں سے ٹکرائی۔۔۔۔۔۔

تو پھر تائیس جان سے بات کریں رشتے کی اگر آپ سیریس ہے"۔۔۔!!!!!مروہ اسکی نظروں سے کنفیوز ہو رہی نظریں دوسری طرف کرتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔۔

اوہ واؤ کتنا اچھا آئیڈیا دیا ہے مس مروہ مجھے تو پتہ ہی نہیں تھا"۔۔۔۔!!!!!وہ بولا جس پر مروہ اسے گھورنے لگی۔۔۔۔۔۔۔

کس کا روم میں ہے میرا جائیں یہاں سے فوراً"۔۔۔!!!!!وہ غصے سے اسے باہر نکالنے لگی جاذب ہنستے ہوئے نکل گیا۔۔۔۔۔۔

تنگ کرنے آجاتے ہیں پاگل لوگ"۔۔۔!!!!!!مروہ غصے سے کہتے ساتھ دروازہ لاک کرنے لگی۔۔۔۔۔

وہ دونوں چل رہے تھے اچانک تیز بارش ہونے لگ گئی دارم شیڈ کے نیچے تھا لیکن میرال بھیگ چکی تھی۔۔۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

میرال ادھر سائیڈ پر آؤ بیمار ہو جاؤ گی"۔۔۔!!!!!!دارم اسے اپنی طرف کرتے ہوئے کہنے"
لگا۔۔۔۔۔

بب۔بھیگ گئی۔۔"۔۔۔۔!!!!!وہ رونے شکل بنا کر کہنے لگی۔۔۔۔۔"

ڈرائیور کو کال کرتا ہوں"۔۔۔!!!!!کہتے ساتھ دارم نے فون نکالا مگر سگنلز نہیں آرہے تھے.جس"
جگہ وہ دونوں موجود تھے بلکل سنسان تھی لیکن تھی بہت خوبصورت بہت زیادہ۔۔۔۔۔۔۔

سگنل ہی نہیں ہے تم بیمار ہو جاؤ گی کچھ کرنا ہوگا"۔۔۔۔۔!!!!!وہ فکرمندی سے بولا۔۔۔۔۔"

ڈھنڈلگ رہی ہے"۔۔۔۔!!!!!وہ کانپتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔"

چلو آس پاس کوئی سیو جگہ دیکھتا ہوں"۔۔۔۔!!!!!!!وہ کہتے ساتھ اسکا ہاتھ تھامے شیڈ کے نیچے چلنے"
لگا بارشان دونوں پر نہیں آرہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

دارم میرال کو ساتھ لیے چلتا گیا چلتا گیا وہ لوگ ایک جنگل میں آ گئے میرال دارم کیساتھ تھی اسے تھوڑا تھوڑا ڈر لگ رہا تھا لیکن دارم کے ہونے سے تھوڑا حوصلہ بھی تھا۔۔۔۔۔۔

یہ جگہ سیو ہے "۔۔۔۔!!!!!دارم میرال سے کہنے لگا۔۔۔۔۔"

یہاں بارش کیوں نہیں ہو رہی "۔۔۔؟؟؟؟؟ وہ پریشانی سے معصوم شکل۔ بنا کر پوچھنے لگی۔۔۔۔۔۔

ہم بہت دور آ گئے ہیں پتہ نہیں کہاں ہے لیکن کسی طرح ڈرائیور کو کال کر کے بلانا ہو گا تب تک تم " چینج کر لو میری شرٹ پہن لو سردی لگ جائے گی "۔۔۔۔!!!!!!وہ اپنی ٹی شرٹ اتار کر میرال کو دینے لگا۔۔۔۔۔

ی۔۔یہ پہنو "۔۔۔!!!!!وہ شرمندہ سی پوچھنے لگی۔۔۔۔۔۔"

ادھر کوئی نہیں آئے گا سیو کر کو صبح تک کچھ کرلوں گا"۔۔۔!!!!وہ پر سکون سا بولا میرال خاموشی سے" سائیڈ پر چلی گئی دارم بیٹھ گیا۔۔۔۔۔

میرال کی کب سے کپڑے چینج کر کے وہاں کھڑی تھی دارم کی شرٹ اسے گھٹنوں سے بھی اوپر آرہی تھی وہ نیچے کرنے کی ناکام کوشش کرنے میں لگی ہوئی تھی۔۔۔۔۔

ہنی آجاؤ کوئی نہیں ہے"۔۔۔!!!!!وہ جان چکا تھا وہ جب سے کھڑی ہے اس لیے سرد لہجے میں بولا" میرال منہ بنائے شرمندہ سی چھوٹے چھوٹے قدم اٹھا کر دارم کے سامنے آئی دارم کی نظر اس پر گئی جو سفید ٹی شرٹ میں بال کھولے دارم کا صبر آزما رہی تھی لیکن اگلے ہی لمحے دارم نظریں جھکا گیا اور میرال خاموشی سے بیٹھ گئی دارم بیچ میں لکڑیاں رکھ کر آگ جلا چکا تھا وہ اس سے دس فٹ دور بیٹھ کر ہاتھ آگ کی طرف بڑھائے آگ لینے لگی دارم نے ایک چور بھری نگاہ پھر اس پر ڈالی۔۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

یہ ڈال لوں شال "۔۔۔۔!!!!!!وہ اسے دینے لگا۔۔۔۔"

یہ کہاں سے "۔۔؟؟؟؟؟ وہ سوالیہ نظروں سے پوچھنے لگی۔۔۔۔۔۔"

یہی پڑی تھی دیکھ کر ہی دے رہا ہوں "۔۔۔۔!!!!!!!وہ اسے بولا جس پر میرال نے تھام لی اور اپنے پر ڈال لی۔۔۔۔۔۔

بھوک لگ رہی ہوگی "۔۔؟؟؟؟ وہ سوالیہ نظروں سے دیکھتے ہوئے کہنے لگا۔۔۔۔۔"

بہتتت "۔۔۔۔!!!!وہ منہ بنائے بولی جس پر دارم کے چہرے پر مسکراہٹ آئی۔۔۔۔۔۔"

تم بیٹھو میں کچھ دیکھ کر آتا ہوں "۔۔۔۔!!!!!وہ اسے کہنے لگا۔۔۔۔۔۔"

نہ۔۔ نہیں آپ نے جائیں"۔۔۔۔!!!!!!میرا فوراًاٹھ گئی اسکے اوپر سے چادر اتر گئی وہ اس وقت ڈر"
رہی تھی بہت زیادہ اس لیے اسے کوئی ہوش نہیں تھا۔۔۔۔۔۔

پھر بھوکی کیسے رہو گی"۔۔۔۔۔؟؟؟ دارم پریشانی سے کہنے لگا۔۔۔۔۔"

رہ لوں گی"۔۔۔۔!!!!!وہ اسے بولی جس پر دارم خاموش ہو گیا میرال کے ڈرنے کی وجہ سے ورنہ وہ"
چلا جاتا۔۔۔۔۔۔

آپ مت جانا"۔۔۔۔!!!!!وہ اسکے تھوڑا قریب بیٹھ کر کہنے لگی دارم نے اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔۔"

قریب تم خود ہو رہی ہو"۔۔۔۔!!!!!!دارم محبت سے کہنے لگا میرال کو یکدم خیال آیا وہ تو صرف"
دارم کی شرٹ میں ملبوس ہے رخسار لال سرخ ہو گئے۔۔۔۔۔۔

وہ میں "۔۔۔!!!!وہ کنفیوز ہوتی بولتی خود پر چادر ڈال گئی دارم ہنسنے لگ گیا اور میرال کو بہت زیادہ"
شرمندگی ہوئی۔۔۔۔۔۔

تم پتہ ہے مجھے اس وقت بہت اچھی لگ رہی ہو صرف میرے سامنے باقی سب کے سامنے ہمیشہ"
خود کو ڈھک کر رکھنا تم سے بہت زیادہ پیار کرتا ہوں بیوی ہو تم میری تمہاری حفاظت کرنا بھی میرا
فرض ہے "۔۔۔۔!!!!!!وہ اسکے چہرے پر ہاتھ رکھے اس پر نظریں جمائے کہنے لگا میرال نے
آنکھیں بند کرلی دارم نے اسکے ماتھے پر لب رکھے۔۔۔۔۔۔۔۔

کہتے ہیں نکاح میں بہت طاقت ہوتی ہے دونوں میاں بیوی کو خود ہی ایک دوسرے سے پیار ہوجاتا"
ہے تمہیں نہیں ہوا کیا"۔۔۔؟؟؟؟؟ وہ اس سے پوچھنے لگا میرال نے آنکھیں کھول کر اسے دیکھا
میرال کی ہارٹ بیٹ مس ہوئی۔۔۔۔۔۔۔۔

نیند آرہی۔۔۔۔ ہے کہاں۔۔۔ سو"۔۔۔۔؟؟؟؟؟ میرال بات بدلنے لگی دارم خاموش ہو"
گیا۔۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

میرے کندھے پر سر رکھ لو"۔۔۔!!!!!وہ اسے جواب دینے لگا وہ خاموشی سے اپنا سر اسکے کندھے " پر رکھ گئی دارم نظریں آگ پر مرکوز کرگیا۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں یوں ہی سوئے ہوئے تھے میرال نے دارم کے کندھے پر سر رکھا ہوا اور دارم درخت کیساتھ ٹیک لگائے گہری نیند سورہا تھا سورج کی روشنی ان دونوں کے چہرے پر پڑی دارم کی آنکھ کھل گئی جب اس نے دیکھا سورج کی روشنی میرال کی نیند میں خلل پیدا کررہی ہے تو وہ اسکے آگے ہوگیا اور اسے چھاؤں دے دیا۔۔۔۔۔۔۔

بھوک لگی ہوگی دیکھو سگنل آرہے"۔۔۔۔۔!!!!!!!وہ کہتے ساتھ فون نکالنے لگا۔۔۔۔۔۔"

نہیں یار"۔۔۔!!!!!وہ تپ کر بولا میرال اٹھ گئی۔۔۔۔۔"

کیا ہوا"۔۔۔؟؟؟؟ وہ پریشانی سے پوچھنے لگی۔۔۔۔۔"

ککک۔۔ کچھ نہیں"۔۔۔۔!!!!دارم مرزا زندگی میں پہلی دفعہ کسی کے سامنے کنفیوز ہوا تھا میرال اسکے کندھے سے ڈر ہٹا کر ادھر ادھر دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔۔

کپڑے سوکھ گئے ہوں گے میرے میں چینج کرلوں"۔۔۔۔!!!!!!وہ کہتے ساتھ چادر ہٹاتی اٹھ کر، آگے بڑھ گئی دارم خاموش رہا۔۔۔۔۔

میرال کپڑے چینج کرکے دارم کے پاس آئی دارم پریشان بیٹھا تھا میرال نے اسکے چہرے کے تاثرات سے پہچان لیا۔۔۔

کیا ہوا سب ٹھیک تو ہے"۔۔؟؟؟؟؟ میرال اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگی۔۔۔۔۔"

کیسے جائیں گے ہم تم نے کچھ کھایا بھی نہیں ہوا"۔۔۔!!!!!دارم اسے دیکھتے ہوئے بتانے لگا۔۔۔۔۔

تو آپ نے بھی تو نہیں کھایا ہوا ہم چلتے ہیں کوئی نہ کوئی راستہ نکل آئے گا"۔۔۔!!!!!میرال اسے تسلی دیتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔

تم پیدل اتنی دیر تک چل لوگی"۔۔۔!!!!!!دارم اسے دیکھتے ہوئے بولا۔۔۔۔

جی"۔۔۔!!!!میرال مختصر سا جواب دینے لگی۔۔۔۔۔۔۔

چلو چلیں"۔۔۔!!!!!دارم اسکا ہاتھ تھامے کہنے لگا میرال اثبات میں سر ہلا گئی دارم اور وہ دونوں چلنے لگ گئے۔۔۔۔۔۔

_____

تائیا جان آپ کو ایک بات بتانی ہے جاذب نے "۔۔۔؟؟؟؟ مروہ ریحان مرزا سے کہنے لگی۔۔۔۔"

کون سی بات "۔۔۔؟؟؟؟ وہ بدلے میں پوچھنے لگے جاذب ان دونوں کو دیکھنے لگا۔۔۔۔۔"

نہیں بتانی چلیں میں بتاتی ہوں جاذب ریحان مرزا کسی لڑکی کے معاملے میں بہت سیریس ہے اور وہ" کہ رہے ہیں اب ان کی شادی کروادی جائے تو پلیز زز انکی شادی کروادیں انہوں نے مجھے کہا ہے کہ میں بات کرو۔ آپ سے "۔۔۔!!!!مروہ بہت صفائی سے جھوٹ بولنے لگی جاذب پھٹی پھٹی آنکھوں سے دیکھنے لگا ریحان مرزا نے جاذب کو دیکھا۔۔۔۔۔

میں نے کب "۔۔۔؟؟؟؟ جاذب پریشانی سے کہنے لگا۔۔۔۔"

ارے بھول گئے آپ صبح ہی تو بتائیا تھا جاذب آپ نے "۔۔۔!!!!!مروہ اسے شاطر نظروں سے" دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

جاذب ابھی اس بات کو ذہن سے نکال دو"۔۔۔۔!!!!ریحان مرزا سخت لہجے اختیار کیے بولے"
۔۔۔۔۔۔

جی ڈیڈ"۔۔۔۔!!!!!جاذب منہ بنائے بولا۔۔۔۔۔"

اب آئیا نا اونٹ پہاڑ کے نیچے تنگ کرنے کا کوئی موقع نہیں چھوڑتے تھے اب لگے گا پتہ جاذب"
مرزا"۔۔۔!!!!وہ اسے مسکراتے ہوئے دیکھتے ساتھ دل میں بولی اور جاذب اسے گھور رہا تھا۔۔۔۔۔

_____

وہ دونوں چل رہے تھے جنگل ختم نہیں ہوا تھا ابھی اور وہ دونوں چلی جا رہے تھے۔۔۔۔۔۔۔

اب مجھ سے اور نہیں ہوگا"۔۔۔!!!!میرال پھولے ہوئے سانس کیساتھ کہنے لگی دارم رک کر اسے"
دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔

میرال تھوڑا ہی رہ گیا جنگل پھر سڑک آجائے گی "۔۔۔!!!!!!دارم اسے بتانے لگا۔۔۔۔۔۔"

مجھ میں ہمت نہیں ہے "۔۔۔۔!!!!!وہ اسے بتانے گی دارم نے نہ ادھر دیکھا نہ ادھر اسے گود میں"
اٹھالیا۔۔۔۔۔۔

دارم آپ تھک جائیں گے "۔۔۔!!!!!میرال فکرمندی سے کہنے لگی۔۔۔۔۔"

نہیں کچھ نہیں ہوتا مجھے بس گھر پہنچ جائے آرام سے "۔۔۔!!!!!!!وہ اسے گود میں اٹھائے چلتے"
ہوئے کہنے لگا میرال اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔

ہینڈسم لگ رہا ہوں "۔۔۔!!!!!دارم مسلسل اسکی نظریں خود پر پا کر پوچھنے لگا۔۔۔۔۔۔"

For more visit (exponovels.com)

نن۔۔۔ نہیں"۔۔۔!!!!!میرال گھبرا کر جواب دینے لگی۔۔۔۔۔۔"

تمہارے شوہر کے پیچھے بہت سی لڑکیاں پاگل ہیں"۔۔۔!!!!!دارم بتانے لگا میرال نے اسے منہ بنا کر دیکھا۔۔۔۔۔

ہوتی رہے آپ ہیں تو میرے ناں"۔۔۔!!!!!میرال اسے دیکھتے ہوئے دل میں بولی دارم مسکرایا۔۔۔۔۔۔

وہ دونوں سڑک پر پہنچ چکے تھے دارم نے فون نکالا اور ڈرائیور کو کرنا چاہا مگر فون کی بیٹری ہی ختم تھی۔۔۔۔

ڈیڈ"۔۔۔!!!!!دارم تپ کر بولا۔۔۔۔"

تبھی ایک گاڑی انکے سامنے رکی گاڑی کی ڈرائیونگ سیٹ پر لڑکی بیٹھی۔۔۔۔۔

آئی کین ہیلپ یو بوتھ"۔۔۔۔!!!!!!اس لڑکی نے پوچھا میرال اور دارم نے ایک دوسرے کو" دیکھا۔۔۔۔۔۔۔

یس پلیززز"۔۔۔!!!!!میرال نے جواب دیا دارم اسے غصے سے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔"

پلیز سٹ"۔۔۔!!!!!وہ ان دونوں کو کہنے لگی جس پر دونوں بیٹھ گئے دارم منہ بنا کر بیٹھا" تھا۔۔۔۔۔۔۔

ہے ہینڈسم بوائے یو لک لائک آ ہیرو"۔۔۔۔۔!!!!!!وہ لڑکی دارم کو دیکھتے ہوئے بولی میرال" اسے دیکھنے لگ گئی۔۔۔۔۔

تھینکس"۔۔۔!!!!!دارم مختصر سا جواب دینے لگا میرال کو لگا تھا وہ جواب نہیں دے گا مگر دارم" نے دیا تھا میرال کو اچھا خاصا غصہ آیا۔۔۔۔۔

ہاؤ ہینڈسم یو آر، آئی شڈ ہیو فاوئٹ جسٹ لائک یو"۔۔۔!!!!!وہ لڑکی مڑ کر اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگی" میرال کی غصے بھری نگاہوں میں مزید اضافہ ہوا۔۔۔۔۔۔۔

اٹس ٹو لیٹ آئی ایم میریڈ"۔۔۔!!!!!دارم نے اسے جواب دیا میرال کو اس جواب کی بلکل امید" نہیں تھی۔۔۔۔۔

یعنی کے یہ مجھ سے شادی کر کے پچھتا رہے ہیں"۔۔۔!!!!!میرال غصے سے دارم کو دیکھ کر کہنے" لگی۔۔۔۔۔۔۔

اسٹاپ داکار"۔۔۔۔!!!!!!میرال اونچی آواز میں کہنے لگی کہ گاڑی چلانے والی لڑکی نے فوراً بریک" لگائی۔۔۔۔۔

آر یو اوکے"۔۔۔!!!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگی۔۔۔۔۔"

یس آئی ایم "۔۔۔!!!!میرال کہتے ساتھ غصے سے گاڑی کا دروازہ کھول کر باہر نکل گئی۔۔۔۔۔"

میرال "۔۔!!!!!دارم نے اسے پکارا مگر وہ اسکی سنی ان سنی کرتی آگے بڑھنے لگی۔۔۔۔۔۔"

ہنی "۔۔۔۔!!!!!وہ گاڑی سے اتر کر فوراً اسکے پیچھے بھاگا وہ لڑکی ان دونوں کو دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔"

ہنی "۔۔۔۔۔!!!!!!دارم اسکے پیچھے آتے ہوئے پکارنے لگا۔۔۔۔۔"

یہاں کیا کر رہے ہیں اس لڑکی کو بلائیں ناں "۔۔۔!!!!!!وہ تپ کر کہتے ساتھ آگے بڑھنے لگی۔۔۔۔۔۔

!!!!!یار میرال میں نے تو کچھ نہیں بولا وہ ہی بولی جا رہی تھی"۔۔۔"

اٹس ٹو لیٹ آئی ایم میریڈ"۔۔۔۔!!!!!میرال منہ بنائے بولی دارم مسکرایا۔۔۔۔۔۔"

اچھا سنو تو"۔۔۔۔۔!!!!!دارم اسکے قریب آتے ہوئے کہنے لگا۔۔۔۔۔"

میرے قریب مت آئیے جائیے وہی"۔۔۔!!!!میرال کہتے ساتھ کافی شاپ میں چلی گئی دارم بھی" اسکے پیچھے ہی تھا۔۔۔۔

میرال جس ٹیبل پر بیٹھی تھی دارم اسکے ساتھ آکر بیٹھا میرال اٹھ کر جانے لگی دارم نے اسکا ہاتھ پکڑ کر روکا۔۔۔۔۔۔

چھوڑیں"۔۔۔!!!!وہ اپنا ہاتھ چھڑواتی دوسری ٹیبل پر آگئی۔۔۔۔۔"

ایکسکیوزمی"۔۔۔۔!!!!!!وہ ویٹر کو بلانے لگی دارم پیچھے بیٹھا اسے نوٹس کر رہا تھا۔۔۔۔"

ون کافی منی ول بی ٹیکن فروم دا پرسن سٹنگ بی ہائینڈ"۔۔۔!!!!!!وہ دارم کی طرف اشارہ کر کے کہنے لگی دارم اسکی حرکت پر مسکرایا دارم نے بھی کافی آرڈر کی میرال کے چہرے پر مسکراہٹ آئی۔۔۔۔۔

🙈😍"میں نکھرے دیکھاتی ہوں اسے کیونکہ اسکے علاوہ کوئی میرے نکھرے نہیں اٹھا سکتا"

وہ کافی پینے لگی دارم پیچھے بیٹھا اسکی نقل اتار رہا تھا میرال نے مڑ کر دیکھا تو وہ سیدھا ہو کر بیٹھا میرال منہ بنا کر پھر سے سامنے دیکھنے لگ گئی دارم دوبارہ سے میرال کی طرح بیٹھ گیا میرال کے چہرے پر مسکراہٹ آئی وہ ہاتھ میں کافی کا کپ تھامے اٹھی اور چلی گئی دارم بھی اسی کی طرح باہر نکل گیا۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

میرال باہر آئی تو اسے سامنے سے آتا شخص نہیں دیکھا اور ٹکرا گئی دارم پیچھے سے آتا یہ دیکھ چکا تھا۔۔۔۔۔

سوری میم ایم ریلی سوری "۔۔۔۔!!!!!!وہ اسکا بازو پکڑے کہنے لگا دارم کے چہرے پر سلوٹیں آئی "۔۔۔۔۔

ا۔۔اٹس۔۔اوکے "۔۔۔!!!!!!میرال گھبراتے ہوئے اس سے ہاتھ چھڑوانے کی ناکام کوشش " کرتے ہوئے بولی دارم غصے سے مغرور چال چلتا سامنے آیا اور میرال کا ہاتھ ایک جھٹکے سے اس انسان سے چھڑوایا۔۔۔۔۔۔

ہاتھ کیسے لگایا "۔۔۔!!!!!دارم انگریزی میں کہنے لگا۔۔۔۔۔۔"

واٹ "۔۔۔۔!!!وہ لڑکا پریشانی سے اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔"

میری بیوی کو ہاتھ لگائے تیری تو رک تو"۔۔۔۔!!!!دارم کی آنکھیں سرخ ہو چکی تھی غصے سے " دماغ گرم ہو رہا تھا وہ اسے مارتا جا رہا تھا مارتا جا رہا سامنے کھڑے شخص کے ہاتھ سے خون نکلنے لگا میرال پیچھے کھڑی گھبرا گئی۔۔۔۔۔۔

اسٹوپ اٹ "۔۔۔۔!!!!!ایک شوپ کیپر ان دونوں کے بیچ آیا۔۔۔۔۔۔"

رک تیرا تو وہ حشر کروں گا کہ تو یاد رکھے گا دارم مرزا کی بیوی کو ہاتھ لگائے گا تجھے ختم کر کے رکھ دوں " گا"۔۔۔۔!!!!!وہ تپ کر اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگا اور دو چار مکے اور جھڑ دیے غصے سے گردن کی رگیں پھول چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔

پلیز زانیف اسٹوپ اٹ گو"۔۔۔!!!!وہ شوپ کیپر نے دوسرے لڑکے کو جانا کا کہا جو خون و خون ہو" چکا تھا وہ فوراً بھاگ گیا دارم اسے اب بھی انتہائی غصے سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

میرال کہاں ہے"۔۔۔!!!!دارم پریشانی سے پیچھے مڑ کر دیکھنے لگا وہ مڑ تو وہ دیوار سے لگائے انتہا کی گھبرائی ڈری ہوئی کھڑی تھی۔۔۔۔۔

ہنی تم ٹھیک ہو کیا ہوا ہے تم ٹھیک تو ہو ناں"۔۔۔!!!!!دارم اسکے چہرے پر ہاتھ رکھے فکرمند لہجے میں پوچھنے لگا۔۔۔۔۔

گ۔گھر جانا ہے"۔۔۔!!!!!وہ کانپتے ڈرتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔"

اوکے میں نے ڈرائیور کو کال کر دی ہے ابھی آجائے گا"۔۔۔!!!!!!!!دارم اسے بتانے لگا وہ خاموش کھڑی تھی۔۔۔۔۔

کچھ دیر بعد ڈرائیور اسی لوکیشن میں موجود تھا جدھر دارم نے بلایا تھا۔۔۔۔۔

بیٹھو"۔۔۔!!!!دارم کہتے ساتھ گاڑی کا دروازہ کھولنے لگا وہ ڈرتے ہوئے بیٹھ گئی چہرے کے رنگ" اڑ چکے تھے۔۔۔۔۔۔

جلدی چلو"۔۔۔!!!!!دارم سرد لہجے میں کہنے لگا تو ڈرائیور نے ڈر کے مارے گاڑی بہت تیز" چلائی۔۔۔۔۔

کچھ دیر بعد وہ گھر میں موجود تھے میرال فوراً گمرے کی طرف بڑھی دارم اسکے پیچھے جانے لگا لیکن اسکا فون بجا۔۔۔۔۔

اوہ شٹ"۔۔۔!!!!دارم کہتے ساتھ کال اٹینڈ کرتا لان کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔"

_____

For more visit (exponovels.com)

یہ کیا کیا ہے تم نے صبح"۔۔۔۔!!!!!!جاذب مروہ سے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔۔"

وہی جو اتنے دنوں سے کر رہے تھے مروہ کے ساتھ جو جیسا کرتا ہے وہ اسکے ساتھ ویسا ہی کرتی"
ہے"۔۔۔!!!!!وہ آنکھیں چھوٹی کیے اسکی طرف انگلی کیے سرد لہجے میں کہنے لگی۔۔۔۔۔۔

دماغ کا علاج کرواؤ کسی سے کہ کرو ورنہ اگر تمہیں میں نے وہ لڑکی بتا دی جسے میں اپنا بنانا چاہتا ہوں تو"
ڈیڈ دو سکینڈ نہیں لگائے گے ہاں کرنے میں صبر رکھو وقت آنے پر سب کر لوں گا مذاق کیا تھا لیکن
جاذب ریحان مرزا کو تم نے سیریس کر دیا اب دیکھو میں کیا کرتا ہوں"۔۔۔۔!!!!!!!وہ اسے تپ کر
کہتے ساتھ چلا گیا اور مروہ منہ کھولے بولی۔۔۔۔۔۔

کون لڑکی ہو سکتی ہے"۔۔۔؟؟؟؟ مروہ سوچنے لگی۔۔۔۔۔"

خیر کوئی بھی ہو مجھے کیا میں تو سوؤں"۔۔۔۔!!!!!!وہ کہتے ساتھ بیڈ کی طرف بڑھنے لگی۔۔۔۔۔"

وہ کمرے میں آئی اسکے ذہن میں کافی شاپ سے باہر نکلنے والا واقع گھوم رہا تھا کسی کے صرف چھونے سے دارم مرزا نے کیا حشر کیا تھا اس شخص کا میرال کا دماغ گھوم رہا تھا۔۔۔۔۔

میرال کیسے بھول سکتی ہو تم تم دارم مرزا کے قابل نہیں ہو دور رہنا ہے مجھے کیوں نہیں ہو سکتی دور" مجھے نہیں رہنا میں گھٹیا میں بری ہوں"۔۔۔۔!!!!!وہ اپنے آپ کو شیشے میں دیکھ کر روتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔

نن۔ نہیں۔۔۔ نہیں دارم مجھے چھوڑ دیں گے انہیں سچ پتہ لگے گا نہیں مجھے قریب نہیں رہنا میں قابل" نہیں ہو اسکے"۔۔۔۔!!!!!وہ روتے ہوئے اپنے چہرے کو دیکھتے ہوئے روتی چلی گئی ایکدم میرال کا دماغ سن ہو گیا اسے چکر آیا اور وہ زمین پر گر گئی۔۔۔۔۔

دارم کال سن کر فوراً کمرے کی طرف بڑھا اس نے زینے چڑھی روم کی طرف بڑھا روم کا دروازہ کھولا تو میرال کو زمین پر بے ہوش حالت میں پایا اسے حد سے زیادہ پریشانی ہوئی۔۔۔۔۔۔

میرا للل اٹھووو"۔۔۔!!!!!دارم چیختے ہوئے اسکی طرف بڑھا اسکا سر اٹھا کر گود میں رکھا ماتھے پر بھی" ہلکی سی چوٹ آگئی تھی جس میں سے خون بہ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

میرال کیا ہوا ہے آنکھیں کھولو ہنی آنکھیں کھولو"۔۔۔۔!!!!!!دارم اسکا سر گود میں رکھے اسکی" چوٹ دیکھے پریشان ہوا اور اسے اٹھانے کی کوشش کرنے لگا وہ بے ہوش آنکھیں بند کیے اسکی گود میں لیٹی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

ڈرائیور"۔۔۔!!!!!دارم نے اونچی آواز میں ڈرائیور کو پکارا تیس سکینڈ میں ڈرائیور کمرے میں موجود" تھا۔۔۔۔۔۔

یس سر"۔۔۔۔!!!!!وہ کمرے میں آتا پوچھنے لگا۔۔۔۔۔"

جلدی سے کار نکالو اور جو زیادہ قریب ہو سپٹل ہے ادھر چلو"۔۔۔!!!!!وہ نظریں میرال پر جمائے" اسے کہنے لگا۔۔۔۔۔

اوکے سر"۔۔۔!!!!!وہ اثبات میں سر ہلا کر کہتے ساتھ نیچے کی طرف تیزی سے بڑھ گیا اور دارم" میرال کے چہرے پر ہاتھ رکھے اسکے ماتھے پر لب رکھے۔۔۔۔۔

کیسے ہوا یہ"۔۔۔۔!!!!!وہ افسردہ سا اسے دیکھتے ہوئے بولا اور پھر اسے باہوں میں بھرا اور کمرے" سے باہر کی طرف بڑھا۔۔۔۔۔

نیچے آئے تو ڈرائیور گاڑی نکال چکا تھا گارڈ نے پیچھے والا دروازہ کھولا دارم اس میں بیٹھا اور ڈرائیور نے فوراً گاڑی سڑک پر دوہرا دی۔۔۔۔۔۔

_____

جاذب مروہ نے اسے پکارا جاذب کے بڑھتے قدم رکے وہ مڑ کر اسے سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگا۔۔۔۔

آپ کو برا لگا میرا تائیا سے کہنا میں نے تو مذاق کیا تھا"۔۔۔!!!!!!۔مروہ معصومیت سے بتانے لگی جس پر وہ اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔

مذاق ہم دونوں کے بیچ رہتا تو زیادہ اچھا تھا مروہ"۔۔۔!!!!وہ غصے سے کہتے ساتھ جانے لگا۔۔۔۔۔۔

یہ کس لہجے میں بات کر رہے ہیں آپ مجھ سے کس بات کا غصہ ہے"۔۔۔۔!!!!مروہ اسے جاتا دیکھ کر کہنے لگی جاذب مڑا اور اسکا بازو پکڑ کر اپنے ساتھ لگایا مروہ کنفیوز ہوئی۔۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

صرف تمہیں یہی بولا ہے غصہ مجھ میں بھی بہت گندہ ہے تمہیں کچھ بولتا نہیں اسکا یہ مطلب نہیں ہے "
کہ تمہارا جو دل کرے گا تم بولو گی "۔۔۔!!!!!وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے سختی سے اسکا بازو
تھامے کہنے لگا مروہ نم آنکھوں سے اسے دیکھنے لگی جاذب اس سے الگ ہوتا اوپر کی طرف بڑھ گیا
مروہ آنکھوں میں نمی لیے اسے جاتا دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

_____

ویٹ ہیپنڈ ڈاکٹر مائی وائف "۔۔۔؟؟؟؟ وہ ڈاکٹر سے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔"

یور وائف از ویری ایپ سیٹ اباؤٹ سم تھنگ "۔۔۔!!!!!ڈاکٹر دارم کو بتانے لگا۔۔۔۔۔۔"

شی ول بی فائن "۔۔۔؟؟؟ دارم کے لہجے میں بہت زیادہ فکرمندی تھی۔۔۔۔"

یا شیور..." !!!!!وہ کہتے ساتھ چلے گئے دارم میرال کو دروازے سے دیکھنے لگا وہ بیڈ پر لیٹی ہوئی تھی۔۔۔۔۔۔

کچھ دیر بعد میرال کو ہوش آیا خود کو عجیب سے کمرے میں پایا لیکن تھوڑی دیر تک پتہ لگا وہ تو ہسپتال میں ہے۔۔۔۔۔۔

دارم دارم کہاں ہیں آپ"۔۔!!!!!وہ ڈرتے گھبراتے ہوئے اسے پکارنے لگی وہاں موجود نرس" اسکی آوازیں سن کر اٹھی اور دارم کو بلانے لگی۔۔۔۔۔

چھوڑ کیوں گئے ہیں مجھے"۔۔۔!!!!میرال آنکھوں میں آنسو لیے کہنے لگی۔۔۔۔۔"

دارم کہاں ہیں آپ"۔۔۔!!!!!میرال روتے ہوئے اسے پکارنے لگی۔۔۔۔۔۔"

یہاں ہوں ہنی"۔۔۔!!!!!دارم جیب میں ہاتھ ڈالے مغرور چال چلتا اسکے پاس آکر کہنے لگا میرال" نے اس طرف دیکھا۔۔۔۔۔۔۔

میں ڈر گئی تھی کہاں تھے آپ"۔۔۔!!!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگی۔۔۔۔۔"

یہی باہر تم بتاؤ اچانک کیا ہوا ٹھیک تو ہو نا"۔۔!!!!!!!وہ اسکے پاس آئے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔۔۔"

مجھے کیا"۔۔۔!!!!!!میرال بولتے بولتے رکی اور یاد کرنے لگی اچانک اسے روم والا سین یاد" آیا۔۔۔۔۔۔۔

و۔۔وہ میں کیفے سے باہر نکلنے والا واقع سوچ کر گھبرا گئی تھی اس وجہ سے شاید"۔۔۔!!!!!میرال" بات گھماتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔

تمہیں گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے کیسا فیل کر رہی ہو اب "۔۔۔؟؟؟؟؟؟ وہ اس سے پوچھنے لگی۔۔۔۔۔

ٹھیک ہوں "۔۔۔!!!!!!وہ مختصر سا جواب دینے لگی۔۔۔۔۔۔"

کچھ دیر بعد نرس کمرے میں آئی۔۔۔۔۔

انہیں یہ انجیکشن لگے گا کافی کمزور ہیں یہ "۔۔۔۔!!!!!!!نرس کہنے لگی دارم دیکھنے لگا۔۔۔۔۔"

انجیکشن نہیں مجھے نہیں لگانا "۔۔۔!!!!!!میرال بچپن سے ہی انجیکشن سے بہت ڈرتی تھی اس لیے وہ روتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔۔۔

نہیں یہ نہیں لگائی گی آپ میڈیسن دے دیں کوئی "۔۔۔!!!!!دارم فوراً بولا۔۔۔۔۔"

سر یہ زیادہ اچھا ہے"۔۔۔۔!!!!!!وہ انگلش میں ہی بولی۔۔۔۔۔۔"

میں نے نہیں لگوانا دارم نہیں"۔۔۔۔!!!!وہ روتے ہوئے اپنا منہ دارم کے سینے میں چھپا"
گئی۔۔۔۔۔

لے جائیں نہیں لگوانا اس نے"۔۔۔!!!!!!,دارم اس نرس کو سخت لہجے میں بولا وہ چلی گئی۔۔۔۔۔"

نہیں لگے گا ہنی رو نہیں کچھ نہیں ہوگا"۔۔۔!!!!!وہ اسکا چہرہ اپنے سینے سے اٹھائے اسکے ماتھے پر"
لب رکھ گیا میرال نے آنکھیں بند کرلی دارم نے اسکے ہاتھ پر بھی لب رکھے رکھے۔۔۔۔۔۔

تم تھوڑی دیر ریسٹ کرو"۔۔۔!!!!!دارم اسے لیٹنے کا اشارہ کرنے لگا۔۔۔۔۔"

آپ یہی رہیے گا"۔۔۔!!!!!!,وہ اسکا ہاتھ تھامے ہی لیٹ گئی ساتھ پڑی کرسی پر دارم بیٹھ گیا اور"
اسے دیکھنے لگا وہ آنکھیں بند کیے سونے کی کوشش کررہی تھی۔۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

دارم مرزا اپنی زندگی میں صرف تمہیں کھونے سے ڈرتا ہے میرال"۔۔۔!!!!!وہ اسے دیکھتے" ہوئے گھمبیر لہجے میں بولا اور اس پر جھکا۔۔۔۔۔۔۔

میرال سو کر جب اٹھی تو دارم کو سوتے پایا دارم کا ہاتھ اسکے ہاتھ میں ہی تھا اور وہ اپنا بیڈ پر رکھے سو رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

میں جانتی ہوں بہت پیار کرتے ہیں مجھ سے پاگل کر چکی ہوں آپ کو کل وہ سب اور اب" یہ"۔۔۔۔!!!!!!وہ افسردہ سی ہو کر اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگی اور پھر اسے دیکھنے لگ گئی اور دارم کے ہاتھوں کو اپنے ہونٹوں سے چھوا اور پھر لیٹ کر اسے یک ٹک دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

مجھے کیا پتہ تھا میں اس قدر خوش قسمت ہوں گے آپ جیسا پیار کرنے والا شوہر ملا"۔۔!!!!!وہ اسے" دیکھتے ہوئے محبت سے بولی۔۔۔۔۔۔۔

_____

جاذب اپنے کمرے میں بیٹھا لیپ ٹاپ کھولے کسی کی تصویریں دیکھنے میں مصروف تھا۔۔۔۔۔

تم بہت زیادہ پیاری ہو واقع اور ہو بھی کتنی کیوٹ"۔۔۔!!!!!وہ اسکی تصویر دیکھتے ہوئے بولا وہ تصویر" کسی اور کی نہیں مروہ کی ہی تھی۔۔۔۔۔۔

تمہاری خوشبو سے عشق ہے مجھے تمہارے قریب رہنا اچھا لگتا ہے تمہیں تنگ کرنا اچھا لگتا ہے کبھی" ظاہر نہیں کیا میں نے لیکن دو سال سے میں تمہیں اس دل میں چھپائے بیٹھا ہوں بس ایک مہینے کی بات ہے پھر ڈیڈ سے تمہارے بارے میں بات کرلوں گا"۔۔۔۔!!!!!وہ اپنی آنکھیں اسکی تصویر پر مرکوز کیے محبت اور خوشی سے کہتے ساتھ بولا اور دیکھنے لگ گیا۔۔۔۔۔۔

کبھی اتنا قریب ہوئے تو نہیں میرے آج کیوں ہوئے کتنی عجیب فیلنگ تھی"۔۔۔!!!!!!وہ اپنے"
.بیڈ پر لیٹے لوشن کو گلے سے لگائے ایک سوچ میں تھی۔۔۔۔۔

افففف مروہ تم کیوں سوچ رہی ہو سوجاؤ صبح اٹھنا بھی ہے چھوڑو یہ فضول سی باتیں غصے میں تھے وہ"
اس وجہ سے"۔۔۔!!!!!!وہ کہتے ساتھ بلینکٹ خود پر ڈالتی سونے کی کوشش میں لگ گئی۔۔۔۔۔۔

_____

میرال دل گھبرا رہا ہے"۔۔۔!!!!!!دارم جو اسکے لیے ناشتہ لایا تھا میرال اسے کہنے لگی۔۔۔۔۔۔"

پہلے ناشتہ کرلو پھر نیچے گراؤنڈ میں واک کرتے ہیں"۔۔۔!!!!!وہ ہسپتال کے گراؤنڈ کے بارے میں"
کہنے لگا میرال اثبات میں سر ہلا گئی اور ناشتہ کرنے لگی ناشتہ کرنے کے بعد دارم نے ڈش سائیڈ پر کی
اور برش اٹھا کر بالوں کو کنگی دینے لگا میرال خاموشی سے بیٹھی تھی دارم نے اسکے بالوں کی کنگی دی اور
پونی میں قید کر کے اسے دیکھنے لگا اور رومال سے اسکا چہرہ صاف کیا۔۔۔۔۔۔

چلیں نیچے"۔۔!!!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگا میرال اثبات میں سر ہلا گئی۔۔۔۔۔"

وہ دونوں نیچے آئے اور ہاتھ میں ہاتھ ڈالے ساتھ ساتھ چل رہے تھے میرال تو بلکل دارم کیساتھ لگے چل رہی تھی۔۔۔۔۔

میرال ایک بات پوچھوں"۔۔۔؟؟؟؟ دارم اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگا۔۔۔۔۔۔"

ج۔۔جی"۔۔۔!!!!میرال گھبرا کر اسکی طرف دیکھتے ہوئے بولی دارم بھی چہرے پر سنجیدگی لیے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔۔

کیا ہوا ہے تمہارے ساتھ جو تم مجھ سے چھپا رہی ہو میں کب سے خاموش ہوں بچپن سے واقف ہوں" مجھ پر یقین کرو میں کسی کو نہیں بتاؤں گا"۔۔۔!!!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگا میرال گھبرا کر اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔۔

کیا مطلب"۔۔۔؟؟؟؟؟؟ میرال کنفیوز ہوتی پوچھنے لگی۔۔۔۔۔"

مطلب یہ کہ تم کبھی بھی مجھ سے گھبراتی نہیں جب سے میں دبائی سے آیا ہوں میرے قریب آنے" سے تمہاری سانسیں رک جاتی ہے میں بہت دفعہ غور کر چکا ہوں خاموش ہو جاتا تم خود بتاؤ گی مگر تم نہیں بتاتی"۔۔۔!!!!!!دارم چلتے ہوئے اسے کہنے لگا میرال کے چہرے کے سامنے وہ رات آنے لگی جس رات وہ مروہ کیساتھ دارم کا گفٹ لینے کیلیے نکلی تھی گیارہ بجے کے وقت اسے کیا پتہ تھا وہ رات اسکے لیے اسکی بربادی بن جائے گئ۔۔۔۔۔۔

میرال"۔۔۔!!!!دارم اسے پکارنے لگا میرال ہوش میں آئی اور اسے دیکھا۔۔۔۔۔۔"

کیا ہوا ہے"۔۔۔!!!!دارم اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگا چہرے کا رنگ زرد پڑ گیا عجیب سی حالت" ہونے لگی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔۔۔۔۔۔۔

میرال آریواو کے کیا ہوا ہے اچھا نہیں پوچھتا کچھ تم ٹھیک رہو تم ٹھیک ہو"۔۔۔!!!!!وہ اسکے "
رخسار پر ہاتھ رکھے بولی جس پر میرال نے اسے دیکھا۔۔۔۔۔

پ۔ پپ۔ پانی"۔۔!!!!!!!وہ کانپتے ہوئے با مشکل بولی۔۔۔۔۔۔"

تم بیٹھو ادھر میں لے کر آیا"۔۔۔!!!!!وہ اسے احتیاط سے بٹھاتا کینٹین کی طرف بڑھ گیا اور وہ اپنے "
پیروں کو گھورتی ہاتھوں پر ناخن چبانے لگی۔۔۔۔۔۔۔

کیا ضرورت تھی باجی اسوقت آنے کی صبح آجاتی"۔۔۔!!!!!مروہ کی باتیں اسکے ذہن میں آرہی")
تھی۔۔۔۔۔

تمہیں نہیں پتہ وہ کبھی بھی آسکتے ہیں بس تم کسی کو بتاؤ گی نہیں"۔۔۔۔!!!!!میرال کو اپنی بات بھی,"
(یاد ائی۔۔۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

پاگل تھی میں خود کیا سب کچھ خود"۔۔۔۔!!!!!وہ روتے گھبراتے ہوئے کہنے لگی اور آنکھوں میں آنسو آ گئے۔۔۔۔۔۔

ہنی رو تو مت یار کیوں رو رہی ہو طبیعت ٹھیک ہے تمہاری پانی پیو"۔۔۔!!!!!!وہ پانی کی بوتل لیے اسکے پاس آیا میرال کو روتا پایا۔۔۔۔۔۔

آپ پیار کرتے ہیں نا مجھ سے بہتتتت پلیززز مجھے کبھی نہیں چھوڑیے گا"۔۔۔۔!!!!وہ روتے ہوئے اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا ہو گیا ہے تمہیں تم نے کیسے سوچ لیا دارم مرزا تمہیں چھوڑے گا اور تم مجھے یہ سب کہ رہی ہو"۔۔۔!!!!!وہ اسکا ہاتھ تھامے اسے بتانے لگا۔۔۔۔۔

نہیں مجھے پتہ ہے جب سچائی پتہ لگے گی تو چھوڑ دیں بے آپ مجھے"۔۔۔!!!!!!میرال اسے کہنے لگی۔۔۔۔۔۔

میرال فضول باتیں سوچنا چھوڑو طبیعت خراب ہوگی اوپر روم میں چلو میں تمہارے ساتھ ہوں نہیں "
چھوڑوں گا تمہیں "۔۔۔۔!!!!!!دارم سرد لہجہ اختیار کیے کہنے لگا کیونکہ وہ جانتا تھا میرال اسکے غصے
سے ڈرتی ہے۔۔۔۔۔۔۔

وعدہ نہیں چھوڑیں گے "۔۔۔!!!!میرال اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگی۔۔۔۔۔"

وعدہ "۔۔۔!!!!!وہ اسے بولا اور اسکا ہاتھ تھامے چل دیا۔۔۔۔۔"

میرال گھر آچکی تھی اسکی طبیعت اب بہتر بھی تھی اسکے سر کی چوٹ بھی ٹھیک ہوگئی تھی وہ کمرے میں
سو رہی تھی کیونکہ اسکا سر دشدید درد ہو رہا تھا۔۔۔۔

دارم اسکے لیے سوپ بنا رہا تھا ایک گارڈ اس نے میرال کے پاس چھوڑا ہوا تو جو میرال کے اٹھنے پر
دارم کو بتائے گا وہ سوپ بنانے میں مصروف تھا۔۔۔۔۔

میرال کی آنکھ کھلی کمرے میں خود کو اکیلے پایا۔۔۔۔۔۔

دارم "۔۔!!!!میرال اسے پکارنے لگی گارڈ جو کمرے کے باہر موجود تھا میرال کی آواز سن کر نیچے کی طرف بڑھا۔۔۔۔

سر میڈیم جاگ گئی ہیں "۔۔۔!!!!گارڈ نے بتایا دارم نے اسکی طرف دیکھا اور سوپ کو وہاں چھوڑتا" فروٹس ڈش تھامے اوپر کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔۔۔

_____

وہ کمرے کا لاک کھول کر اندر داخل ہوا میرال کو دیکھ کر مسکرایا۔۔۔۔

کیسی ہے اب طبیعت "۔۔۔۔۔!!!!!دارم اس سے پوچھنے لگا۔۔۔۔"

بہتر ہے"۔۔۔!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے جواب دینے لگی۔۔۔۔۔۔"

سر درد ٹھیک ہوا"۔۔۔!!!!!وہ نرم لہجے میں اسکے پاس آکر پوچھنے لگا۔۔۔۔۔

ہمم تھوڑا سا"۔۔۔!!!!!میرال نے بتایا جس پر وہ اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔"

فریش ہو جاؤ اور کچھ کھا لو صبح سے کچھ نہیں کھایا طبیعت اور بھی خراب ہو سکتی ہے"۔۔۔۔!!!!!!!وہ"
اسے بولا میرال اثبات میں سر ہلا کر اٹھی اور باتھروم کی طرف بڑھ گئی دارم اسے جاتا دیکھنے لگا۔۔۔۔
اسکے جانے کے بعد دارم نے میرال کیلیے فروٹس کاٹنا شروع کر دیے۔۔
کچھ دیر بعد میرال فریش ہو کر باہر آئی اور دارم کے مقابل میں بیٹھ گئی۔۔۔۔۔

چلو کھاؤ سارا ختم کرنا ہے اسکے بعد دودھ بھی پینا ہے"۔۔۔!!!!!دارم اسے حکم صادر کرنے"
لگا۔۔۔۔۔

دودھ میں نہیں پی رہی دودھ"۔۔۔!!!!میرال سیب منہ میں ڈالے اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔۔

دودھ تو لینا ہے تم بہت کمزور ہو گئی ہو ڈاکٹر نے کہا ہے تمہاری صحت کیلیے دودھ بہت اچھا ہے"۔۔۔۔!!!!!!دارم اسے بتانے لگا میرال منہ بنا کر اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔۔"

اب جسے نہ پسند ہو دودھ تو"۔۔۔؟؟؟؟ وہ منہ بنائے کہنے لگی۔۔۔۔۔"

تو اسے اپنی صحت کیلیے پینا چاہیے"۔۔۔۔!!!!!!دارم اسے بتانے لگا میرال فروٹس کھانے میں مصروف ہو گئی۔۔۔۔۔۔

فروٹس کھانے کے بعد دارم نے اسے زبردستی دودھ پلایا جو وہ ناک پر انگلی رکھے ہی ایک ہی گھونٹ میں پی گئی وہ اس طرح کرتے ہوئے حد سے کیوٹ لگ رہی تھی دارم اسکے چہرے کے اظہارات دیکھ کر مسکرانے لگ گیا۔۔۔۔۔۔

گڈ گرل "۔۔۔!!!!وہ مسکراتے ہوئے کہتے ساتھ دودھ والا گلاس سائیڈ پر رکھ گیا میرال اسے دیکھنے لگ گئی خود کو۔ اس وقت دنیا کی خوش قسمت ترین لڑکی سمجھ رہی تھی۔۔۔۔۔

کن لفظوں میں کروں بیاں اہمیت میں تیری "

❤️ "بن تیری میں ہمیشہ نا مکمل سی رہتی ہوں

ایسے کیا دیکھ رہی ہو"۔۔۔؟؟؟؟ دارم سوالیہ نظروں سے پوچھنے لگا۔۔۔"

کک۔۔ کچھ نہیں "۔۔۔!!!!وہ دارم کے اچانک پوچھنے پر گھبرا کر بولی دارم مسکرا کر دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

ہم واپس کب جائیں گے "۔۔۔!!!!!!میرال نے پوچھا۔۔۔۔"

کیوں تھک گئی ہو میرے ساتھ رہ رہ کر"۔۔۔!!!!دارم تنگ کرتے ہوئے کہنے لگا۔۔۔۔۔"

نہیں گھر والوں کی یاد آرہی ہے بس اس لیے"۔۔۔!!!!!میرال بتانے لگی۔۔۔۔۔۔"

ایک دو دن میں چلے جائیں گے"۔۔۔!!!!!دارم بتانے لگا میرال خاموش ہو گئی۔۔۔۔۔"

میرال چلو پیو"۔۔۔!!!!!!!دارم سوپ کا چمچ اسکی طرف بڑھائے بولا۔۔۔۔۔"

دارم میں ٹھیک ہوں نہیں پینا مجھے"۔۔۔!!!!!میرال نفی میں سر ہلاتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔"

تمہیں پینا ہے یہ تمہارے لیے اچھا ہے چلو پیو"۔۔۔!!!!!وہ اسے بولا جس پر میرال کو مجبوراً سوپ"
پینا پڑا وہ آج اسکی ایک بھی سننے کیلیے تیار نہیں تھا دارم نے اسے اپنے ہاتھوں سے سوپ پلایا۔۔۔۔

اب میڈیسن کا وقت ہوگیا ہے"۔۔۔!!!!وہ کہتے ساتھ اسکی میڈیسن دیکھنے لگا اور پھر اسے"
تھمائی۔۔۔۔۔۔

یہ ساری کھانی ہے"۔۔!!!!وہ چار ٹیبلیٹس دیتے ہوئے کہنے لگا میرال اسے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔"

چلو کھاؤ"۔۔!!!!!دارم اسے کہنے لگا میرال منہ بنائے کھا گئی اور فوراً پیا۔۔۔۔۔"

میرال کافی بہتر ہو گئی تھی دارم نے اسکا خیال ہی اتنا رکھا تھا۔۔۔۔۔

دارم مجھے نیچے جانا ہے لان میں"۔۔۔!!!!میرال اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔"

ڈھنڈلگ جائے گی پھر بیمار ہو جاؤ گی اس لیے نہیں"۔۔۔!!!!دارم اسے بتانے لگا۔۔۔۔۔"

میں شال پہن لیتی ہوں کوٹ بھی"۔۔۔۔!!!!!!وہ معصومیت سے بولی دارم اسے غصے سے دیکھنے لگ گیا مگر میرال معصوم شکل بنائے اسی کو دیکھ رہی تھی میرال کا معصوم چہرہ دیکھ کر دارم کا غصہ ہار گیا۔۔۔۔

کرو"۔۔۔!!!!وہ اسے بولا جس پر میرال خوشی سے وارڈروب سے شال اور جیکٹ نکالنے لگ گئی" دارم نے اسے دیکھا۔۔۔۔

چلیں اب"۔۔۔!!!!!!میرال اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگی دارم اثبات میں سر ہلا گیا۔۔۔۔۔۔"

دارم اور وہ دونوں لان میں چل رہے تھے۔۔۔۔

کیسا لگا سوئٹزرلینڈ"۔۔۔؟؟؟ دارم اسکا ہاتھ تھامے پوچھنے لگا میرال نے اسے دیکھا۔۔۔۔۔"

پیارا تو بہت ہے مگر بہت زیادہ ٹریجیڈیز ہوئی ہے"۔۔۔!!!!وہ اسکے ساتھ چلتے ہوئے بتانے لگی"
دارم مسکرایا۔۔۔

ڈھنڈ کی وجہ سے میرال کی ناک ریڈ ہو گئی جو دارم دیکھ کر مسکرایا وہ اس وقت بالوں کو جوڑی کی شکل میں قید کیے جیکٹ پہنے خود کو شال سے ڈھکے بے حد پیاری لگ رہی تھی دارم نے اسکا ہاتھ اپنی جانب کیا اور اسکے خوبصورت شفاف ہاتھ پر اپنے ہونٹوں کا لمس محسوس کروایا میرال کی ہارٹ بیٹ مس ہوئی دارم مسکرایا اور اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔۔

ایسے کیا۔۔۔۔دیکھ رہے ہیں"۔۔۔!!!!میرال نظریں جھکائے گھبراتے ہوئے پوچھنے"
لگی۔۔۔۔۔

تمہیں دیکھنے سے دارم مرزا کو سکون ملتا ہے"۔۔۔!!!!!!!دارم میرال کو محبت بھری نظروں سے" دیکھتے ہوئے گھمبیر لہجے میں بولا میرال اسے مڑ کر دیکھنے لگ گئی دونوں کی نظریں ٹکرائی میرال کے چہرے پر شرمیلی مسکراہٹ آئی۔۔۔۔۔۔

جب جب تم میسر ہوتے ہو"

😍❤️"تب تب میں سکون کے معنی بتا سکتا ہوں

دارم نے اسے جھٹکے سے اپنے قریب کیا میرال کی سانسیں ایکدم رک سی گئی وہ نظریں جھکا گئی دارم نے اسکی کمر کے گرد دونوں بازو حائل کیے وہ نظریں جھکائے۔ بامشکل اپنے پیروں پر کھڑی تھی پورا جسم اسکا کانپنے لگ گیا دارم نے اسکے چہرے کو دونوں ہاتھوں سے تھام کر اسکا چہرہ اپنی طرف کیا اور اسکے ماتھے پر لب رکھے۔۔۔۔۔۔

میں تم سے پاگلوں کی طرح عشق کرتا ہوں تم سے دوری برداشت نہیں کر سکتا"۔۔۔۔!!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے کہنے لگا میرال اسکی گرم گرم سانسیں خود پر محسوس کر کے آنکھیں بند کر گئی اسکے اندر سے آتی خوشبو میرال کو بے بس بنا رہی تھی میرال اپنا منہ دارم کے سینے میں چھپا گئی اور دارم کے چہرے پر مسکراہٹ آئی اس نے سکون سے آنکھیں موندلی۔ نا جانے کتنی دیر وہ دونوں یوں ہی کھڑے رہے ایکدوسرے کو اپنے قریب محسوس کر کے دونوں کو سکون مل رہا تھا۔۔۔۔

وہ دونوں کمرے میں آ۔ چکے تھے میرال کو بہت۔ نیند آ رہی تھی وہ آتے ساتھ لیٹنے لگی جب دارم بیڈ پر آیا اور اپنا بازو میرال کی جگہ پر رکھا۔۔۔۔

مم۔مجھے۔۔۔مجھے سونا ہے"۔۔۔!!!!!میرال اسے نظریں چراتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔۔۔۔"

تو ایسے سوجاؤ"۔۔۔!!!!!دارم اسے مسکرا کر کہنے لگا وہ نظریں جھکائے خاموشی سے لیٹ گئی اسکی کمر دارم کے ہاتھ کے اوپر تھی وہ جیسے ہی لیٹی تو دارم نے ایک جھٹکے سے کھینچ کر میرال کو اپنے ساتھ لگایا میرال ہڑبڑا کر رہ گئی دارم کی آنکھوں میں شرارت تھی۔۔۔۔۔

تم میری ہو قریب ہو کر سویا کرو"۔۔۔۔!!!!!!وہ اسے بلکل اپنے میں قید کیے اسکے کان میں گھمبیر" لہجے میں کہنے لگا میرال کے دل بہت سی بیٹس مس کی وہ اپنا منہ اسکے سینے میں دیے ہوئے تھے اور دارم اسی پر نظریں مرکوز کیے لیٹا ہوا تھا میرال کی ریڑھ کی ہڈی میں اک سنسناہٹ سی دوڑی وہ بہت زیادہ ڈر رہی تھی اسکے اس قدر ہونے سے نگر اسکی وید سے نکلنا ممکن ہی نہیں ناممکن تھا میرال تو کچھ ہی دیر میں سو گئی لیکن دارم اسے دیکھتا رہا اسے دیکھتے دیکھتے کب دارم کی آنکھ لگی اسے معلوم ہی نہیں۔۔۔۔

میرے لیے تم وہ سکون ہو جسے بند آنکھوں میں"

❤️🔥"اتار کر چین کی نیند سویا جا سکتا ہے

وہ دونوں یوں ہی ایک دوسرے کے اس قدر قریب ہو کر گری نیند سو گئے تھے۔۔۔۔۔

دارم کی صبح آنکھ کھلی تو اپنے ساتھ میرال کو نہیں پایا اس نے نظریں ادھر ادھر گھمائی میرال مرد کے سامنے ڈرائیر سے بال سکھانے میں لگی ہوئی تھی دارم اسکی کمر کو تکتا مسکرا کر اٹھا اور اسکے قریب آکر اسے پیچھے سے حصار میں لے کر اپنے اور اسکے بیچ کا فاصلہ ختم کیا۔۔۔۔

د۔۔دارم"۔۔۔!!!!!میرال اسکی قربت سے گھبراتے ہوئے اسے پکارنے لگی۔۔۔"

ہ۔۔ہمم"۔۔۔!!!!!!دارم اسکی گردن پر جھکے پوچھنے لگا میرال اسکے ہونٹوں کے لمس سے اپنی" آنکھیں زور سے بند کر گئی اور اسکے گیلے بال دارم مرزا کو اپنا دیوانہ بنا رہے تھے اور میرال میں سے آتی خوشبو اسے گستاخی کرنے کی اجازت دے رہی تھی دارم نے میرال کا رخ اپنی طرف کیا وہ آنکھیں بند کیے اپنی سانس روکے کھڑی تھی۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

تم بے بس کر رہی ہو مجھے "۔۔۔!!!!وہ اسکی کمر میں ہاتھ ڈالے اپنا منہ اسکے منہ بالوں میں دیے ساتھ "
اسے بھی بے بس کر رہا تھا وہ اسے گھمبیر لہجے میں بولا اور اسکی گال پر جھکا میرال کچھ کرنے کے قابل نہ
رہی تھی اسکی گردن پر جھکنے کے بعد دارم نے اپنے ہونٹوں سے میرال کے ہونٹ چھوے تھے
میرال کی آنکھیں حیرت سے کھل گئی اسکا پورا جسم کانپنے لگ گیا بہت زیادہ والا چہرہ لال ہو گیا اگر
ڈریسنگ نہ ہوتی تو میرال نے گر جانا تھا وہ بہت زیادہ جھکی ہوئی اور دارم اس میں مگن تھا۔۔۔۔۔

سر "۔۔۔!!!!تبھی دروازے پر دستک ہوئی۔۔۔۔۔"

دارم کا اچھا خاصا موڈ غصے میں بدل چکا تھا۔۔۔۔

کون ہے "۔۔۔!!!!!وہ سرد لہجے میں پوچھنے لگا مگر میرال اسکی وید میں ہی تھی۔۔۔۔۔"

سر فلائٹ میں گھٹنہ رہ گیا ہے "۔۔۔۔!!!!!ڈرائیور اسے بتانے لگا۔۔۔۔۔"

اوکے "۔۔۔!!!!!!!وہ سپاٹ لہجے میں جواب دینے لگا ڈرائیور چلا گیا دارم میرال سے الگ ہوا اسکا موڈ بہت حد تک خراب ہو چکا تھا میرال اسے جاتا دیکھنے لگی۔۔۔۔۔

جاذب صبح اٹھ کر نیچے آیا تو کوئی بھی نہیں تھا وہ کچن میں پانی پینے کیلیئے بڑھا مروہ وہاں موجود تھی جاذب کی نظر اس پر گئی مروہ نے اسے نہیں دیکھا تھا۔۔۔۔

اتنی جلدی اٹھ گئی "۔۔۔!!!!!!!!جاذب اسے دیکھتے ہوئے پوچھنے لگا مروہ پانی پیتے اسے جواب دیے بغیر جانے لگی۔۔۔۔

مروہ میں تم سے بات کر رہا ہوں "۔۔۔!!!!!!!اسکا نظر انداز کرنا جاذب کو سخت ناگوار گزرا تھا۔۔۔۔

لیکن مجھے آپ سے کوئی بات نہیں کرنی ہے "۔۔۔۔!!!!!!!!مروہ کہتے ساتھ جانے لگی۔۔۔" جاذب نے اسکی کلائی تھام کر کھینچا مروہ اسکے ساتھ لگ گئی۔۔۔۔

For more visit (exponovels.com)

یہ کیا بدتمیزی ہے چھوڑیں میرا ہاتھ"۔۔۔!!!!!!!!وہ تپ کر اسے غصے سے دیکھتے ہوئے" بولی۔۔۔۔۔۔

نہیں چھوڑوں گا ناراض کیوں ہو"۔۔۔؟؟؟؟ وہ کلائی میں گرفت مضبوط کرتا غصے سے پوچھنے" لگا۔۔۔۔۔۔

جیسے آپ کو تو پتہ ہی نہ ہو میں ناراض کیوں ہوں"۔۔۔۔!!!!!!وہ منہ بنائے کہنے لگی۔۔۔۔۔۔۔"

ہاں میں زیادہ روڈ ہو گیا تھا سوری"۔۔۔!!!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے نارمل انداز میں جواب دینے" لگا۔۔۔۔۔

آپ ابھی بھی وہی کر رہے ہیں"۔۔۔۔!!!!!!وہ اسے دیکھتے ہوئے منہ پھلائے کہنے لگا۔۔۔۔۔"

جواب دے دیتی تو ایسا نہ کرتا"۔۔۔!!!!!وہ اسکی کلائی چھوڑتا کہنے لگا۔۔۔۔۔"

آئے بڑے ہونہہ"۔۔۔!!!!!وہ غصے سے وہاں سے پیر پٹک کر چلی گئی جاذب اسے جاتا دیکھتے" ہوئے مسکرایا۔۔۔۔۔۔۔

_____

وہ دونوں فلائٹ پر موجود تھے دونوں بلکل خاموش تھے میرال اس سے اس لیے بات نہیں کر رہی تھی کیونکہ دارم بہت غصے میں تھا اور دارم کا موڈ کچھ زیادہ ہی اوف ہوا ہوا تھا۔۔۔۔۔۔

پتہ نہیں موڈ کو کیا ہو گیا ہے وہ بیچارہ تو بتانے کیلیئے آیا تھا صرف"۔۔۔!!!!!میرال دل میں" بولی۔۔۔۔۔

کتنی دیر تک پہنچے گے"۔۔۔!!!!!!میرال نے پوچھا دارم نے اسے دیکھا۔۔۔۔۔"

تھوڑی دیر تک "۔۔۔۔!!!!!!وہ مختصر سا جواب دے کر سامنے دیکھنے لگ گیا میرال بھی خاموش ہو"
گئی۔۔۔۔۔

ہائے کتنے پیارے لگ رہے ہیں "۔۔۔!!!!!!میرال کی نظر ایک کپل پر گئی جو ایک دوسرے کے"
